WATTAN
The Urdu Daily

روزنامہ
وطن
بڈگام

بدھوار
01 اکتوبر 2025
WEDNESDAY
01 OCTOBER - 2025

چیمپئن کپتان سوریہ کمار یادیو کا ممبئی میں شاندار استقبال — صفحہ 08

بی سی سی آئی ٹیم انڈیا اور معاون عملے کو 21 کروڑ روپے کا انعام دے گا — صفحہ 08

The Urdu Daily WATTAN Budgam ■ RNI No. JKURD/2011/37141 ■ ■ جلد: 15 ■ شمارہ نمبر: 231 ■ صفحات: 08 ■ قیمت: 02 روپے ■

ہم ترقی یا حکمرانی کیخلاف نہیں ہیں، لیکن جموں وکشمیر ریاست ہماری پہچان ہے: وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ

جدوجہد جمہوری اقدار اور عدم تشدد پر مبنی رہے گی

لداخ کی صورتحال سب کے سامنے، کشمیر وادی میں تباہی، بربادی ور خونریزی کو قبول نہیں کریں گے

بھاجپا کیساتھ حکومت بنانے سے شاید ریاست کا درجہ جلد مل جاتا لیکن میں نے دوسرا راستہ اختیار کیا

سری نگر//۳۰، ستمبر//ے کے این ایس// وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے منگل کو کہا کہ وہ جموں وکشمیر کو ریاست کا درجہ دینے کے مسئلہ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے اور یہ کہ ان کی حکومت کی جدوجہد جمہوری اقدار اور عدم تشدد پر مبنی رہے گی۔ جے کے این ایس کے مطابق اننت ناگ میں ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے، وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا کہ وہ احتجاج کرنے کیلئے تیار ہیں لیکن لداخ کی صورتحال سب کے سامنے ہے اور وہ کشمیر وادی میں تباہی، بربادی اور خونریزی کو قبول نہیں کریں گے۔ عمر عبداللہ نے مزید کہا کہ میں ریاست کی بحالی کے لیے

جمہوری اور پرامن طریقے سے لڑوں گا۔ لیکن میں کشمیر کو ایک بار پھر آگ میں جھونکنے نہیں دوں گا۔ انہوں نے کہا کہ یہاں کے خاندان پہلے ہی کافی نقصان اٹھا چکے ہیں اور میں غم کے اس چکر کو واپس نہیں دیکھنا چاہتا۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے مقصد کو حاصل کرنے کیلئے بھارتیہ جنتا پارٹی/ 102

7ویں روز لیہہ میں عائد سخت پابندیوں میں نرمی

سری نگر//۳۰، ستمبر//ے کے این ایس// ضلع انتظامیہ لیہہ نے منگل کو ضلع بھر میں کریانہ، ضروری خدمات، ہارڈ ویئر اور سبزیوں کی دکانیں شام 5 بجے تک کھولنے کی اجازت دی ہے۔ اس دوران عوامی تحفظ اور سلامتی کے خدشات کا حوالہ دیتے ہوئے وزارت داخلہ نے 3 اکتوبر تک لیہہ میں موبائل انٹرنیٹ کی معطلی کا حکم دیا ہے۔ خبر رساں ایجنسی جے کے این ایس کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر (ریونیو) شبیر حسین (جے کے اے ایس) کے جاری کردہ حکم نامے کے مطابق یہ ہدایت 30 ستمبر 2025 کے سابقہ حکم کے تسلسل میں جاری کی گئی ہے۔ آرڈر نے ضلع بھر میں گروسری (کریانہ)/ 101

لیفٹیننٹ گورنر نے جموں وکشمیر کی ''یوواشکتی'' کو سراہا اور نوجوانوں سے تبدیلی کیلئے محرک بننے پر زور دیا

جموں//انفو// لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے جموں میں منعقدہ ''وکست بھارت کے رنگ۔ کلا کے سنگ'' کے اختتامی تقریب میں شرکت کی۔ اس موقعہ پر انہوں نے سکول اور کالج کے طلباء سے خطاب کیا۔ یہ رنگارنگ آرٹ ورکشاپ اندرا گاندھی نیشنل سینٹر فار آرٹس (آئی جی این سی اے) اور صوبائی انتظامیہ جموں نے منعقد کیا تھا۔ لیفٹیننٹ گورنر نے جموں وکشمیر کے ''یوواشکتی'' کو سراہتے ہوئے اپنے خطاب کا آغاز کیا اور نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ تبدیلی کے لئے ایک محرک کا کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ یہ تقریب منفرد اور خاص ہے اور نوجوانوں کو اپنے خوابوں کے وکست بھارت/ 103

تینوں افواج کا باہمی اشتراک صرف پالیسی نہیں، بقا کا مسئلہ ہے: راجناتھ سنگھ

آپریشن سندور کے دوران تینوں افواج نے ایک متحد، حقیقی وقت پر مبنی آپریشنل تصویر فراہم کی۔ وزیر دفاع

سرینگر// 30 ستمبر// یو این آئی// وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے "آپریشن سندور" کے دوران تینوں افواج کے باہمی اشتراک کو فیصلہ کن نتائج کی ایک زندہ مثال قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ اشتراک مستقبل کی تمام فوجی کارروائیوں کے لیے معیار بننا چاہیے۔ انڈین ایئر فورس کے زیر اہتمام ایک سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے وزیر دفاع نے بتایا کہ کس طرح ایئر فورس کا "انٹیگریٹڈ ایئر کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم"، فوج کے "آکاش تیر" فضائی دفاعی نظام اور بحریہ کے

"ترگن" نظام نے یکجا ہو کر 7 سے 10 مئی کے دوران بھارت۔پاکستان تنازع میں مشترکہ آپریشنل بنیاد فراہم کی۔ راجناتھ سنگھ نے کہا کہ تینوں افواج کا اشتراک صرف پالیسی کا معاملہ نہیں بلکہ تیزی سے بدلتے ہوئے سیکیورٹی ماحول میں بقا کا مسئلہ ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ مشترکہ کارروائیوں کے لیے مکالمہ، باہمی سمجھ بوجھ اور روایات کا احترام ضروری ہے۔ ہر سروس کو ایک دوسرے کے چیلنجز کو تسلیم کرتے ہوئے نئے نظامات کی تعمیر میں حصہ لینا چاہیے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ "آپریشن سندور" کے دوران تینوں افواج نے ایک متحد، حقیقی وقت پر مبنی آپریشنل تصویر فراہم کی، جس سے کمانڈرز کو بروقت فیصلے لینے، صورتحال کو بہتر سمجھنے اور غلط فہمیوں سے بچنے میں مدد ملی۔/ 106

بھارت دنیا کی چوتھی بڑی معیشت، وزیر اعظم کی کوششیں قابل ستائش/ ست شرما

سرینگر// 30 ستمبر// اے پی آئی// جموں وکشمیر سرکار کو ہر محاذ پر ناکام قرار دیتے ہوئے بھارتیہ جنتا پارٹی کے سٹیٹ پریذیڈنٹ نے کہا کہ آتم نربھر بھارت غریبوں، کسانوں، نوجوانوں سے ہو کر گزرتا ہے۔ وزیر اعظم نے پچھلے 11 برسوں سے بھارت کو اقتصادی اور معاشی طور پر مضبوط اور مستحکم بنانے کیلئے جو اقدامات اٹھائے دنیا بھر میں ان کی پذیرائی ہو رہی ہے۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق جموں میں پُرہجوم پریس کانفرنس کے دوران بھارتیہ جنتا پارٹی کے سٹیٹ پریذیڈنٹ ست شرما نے/ 105

چیف سیکرٹری نے جی اے ڈِی کے کام کاج کا جائزہ لیا

بھرتی، شفافیت اور حکمرانی اِصلاحات کیلئے ٹائم لائنز مقرر

سری نگر// انفو// چیف سیکرٹری اٹل ڈولو نے سول سیکرٹریٹ میں منعقدہ میٹنگ میں جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ (جی اے ڈی) کی مجموعی کام کاج کا جائزہ لیا۔ میٹنگ میں تمام محکموں کے انتظامی سیکرٹریوں نے شرکت کی جس میں اصلاحات میں تیزی لانے، شفافیت بڑھانے اور سرکاری محکموں میں خدمات کی فراہمی کو مضبوط بنانے جیسے اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اٹل ڈولو نے میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے افسران پر زور دیا کہ وہ اختراع،

کارکردگی اور عوامی اعتماد پر زور دیتے ہوئے مشن پر مبنی، مقررہ وقت کے اندر کام کریں تاکہ شہریوں کو بروقت سروسز، منصفانہ عمل اور شفاف جوابدہی کے ذریعے مثبت تبدیلی کا واضح احساس ہو۔ انہوں نے خالی اسامیوں کو مقررہ وقت میں پُر کرنے پر زور دیتے ہوئے جموں وکشمیر سروسز سلیکشن بورڈ (جے کے ایس ایس بی) کو ہدایت دی کہ وہ 1500 ملٹی ٹاسکنگ سٹاف (ایم ٹی ایس) کی اسامیوں کو مقررہ وقت میں پُر کرے کیوں کہ بروقت بھرتی نچلی سطح پر کارکردگی بہتر بنانے کے لئے نہایت اہم ہے۔ چیف سیکرٹری نے رکاوٹوں کو دور کرنے اور بھرتی کے عمل کو شفاف اور وقت پر مکمل کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے پبلک سروس کمیشن اور جے کے ایس ایس بی سے کہا کہ بھرتی کے تمام مراحل میں عمل کو تیز کریں۔ انہوں نے کہا کہ غیر ضروری تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی اور متعلقہ محکموں کو ہدایت/ 104

دہشت گرد نیٹ ورکس اور ان کے مالیاتی ڈھانچے کیخلاف کریک ڈاؤن

این آئی اے نے شوپیان میں ملی ٹنٹوں کے معاون ساتھی کی جائیداد منسلک کردی

سرینگر// 30 ستمبر// سی این آئی// دہشت گرد نیٹ ورک کیخلاف کارروائی تیز کرتے ہوئے قومی تحقیقاتی ایجنسی (این آئی اے) نے مالڈیرہ شوپیان میں ایک ملی ٹنٹ معاون کارکن کی جائیداد منسلک کردی۔ سی این آئی کے مطابق قومی تحقیقاتی ایجنسی (این آئی اے) نے شوپیان ضلع کے مالدیرہ علاقے میں ایک دہشت گرد ساتھی کی جائیداد ضبط کرلی ہے۔ ایک سینئر پولیس

افسر نے اس بات کی تصدیق کی کہ یہ جائیداد طارق احمد میر کی ہے، جس کی شناخت ایک سخت گیر دہشت گرد ساتھی کے طور پر کی گئی ہے جو مبینہ طور پر دہشت گردی کی سرگرمیوں میں مدد کرنے میں ملوث ہے۔ انہوں نے کہا/ 107

موسم سرما کے دوران سرحدوں پر دراندازی کی کوشش کو روکنے اور ناکام بنانے کیلئے فوج متحرک

سرحدوں پر جدید ٹیکنالوجی کی تعیناتی سے نگرانی میں اضافہ

جدید جنگی چیلنجوں سے نمٹنے اور خطے میں امن واستحکام کو یقینی بنانے کیلئے فوج چوکس اور پُرعزم/ فوج

سرینگر// 30 ستمبر// سی این آئی// موسم سرما کے دوران سرحدوں پر دراندازی کی کوشش کو روکنے اور انہیں ناکام بنانے کیلئے فوج متحرک ہوگئی ہے جس کے تحت جدید ٹیکنالوجی کی تعیناتی سے نگرانی میں اضافہ کر دیا گیا ہے۔ سی این آئی کے مطابق فوج نے شمالی کشمیر میں لائن آف کنٹرول کے ساتھ ساتھ دراندازی اور سرحد پار سے ہونے والی دہشت گردی کا مقابلہ کرنے کیلئے جدید ٹیکنالوجی کی تعیناتی کرتے ہوئے اپنی نگرانی میں اضافہ کر دیا ہے۔ فوج کے ایک سینئر عہدیدار نے بتایا کہ سیکورٹی فورسز اب انسانی انٹیلی جنس کو حساس سیکٹروں جیسے کیرن، مژھل، کرنا، اوڑی اور ٹنگڈار میں جدید ترین نگرانی کے نظام/ 108

وادی کشمیر اور وادی چناب کیلئے موسمیاتی مرکز کی پیش گوئی

5 اور 6 اکتوبر کو موسم کی پہلی برف باری

4 تا 7 اکتوبر: تیز ہوائیں، ہلکی سے درمیانی بارش کا امکان

سری نگر//۳۰، ستمبر//ے کے این ایس// موسمیاتی مرکز سری نگر نے منگل کو 4 اکتوبر کی شام سے 7 اکتوبر تک بہت سے میدانی و نچلے علاقوں میں گرج چمک کیساتھ کیساتھ تیز ہواؤں اور ہلکی سے درمیانی بارش کا امکان ظاہر کرتے ہوئے 5 اور 6 اکتوبر کو شمالی، وسطی، جنوبی کشمیر اور وادی چناب کے بالائی علاقوں اور اہم گزرگاہوں پر موسم کی پہلی برف باری کی پیش گوئی کردی۔ موسمیاتی مرکز نے ساتھ ہی کہا کہ برف وباراں کے باعث دن کے درجہ حرارت میں نمایاں کمی واقعہ ہوگی۔ جے کے این ایس کے مطابق ہندوستانی محکمہ موسمیات کے سری نگر میں قائم علاقائی مرکز کی جانب سے منگل کو جاری کردہ تازہ موسم کاری میں بتایا گیا کہ 4 اکتوبر تک کشمیر وادی، خطہ پیر پنچال اور وادی چناب میں موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے تاہم 4 اکتوبر کی شام بارات سے برف وباراں کا ایک سلسلہ شروع ہو کر 7 اکتوبر تک جاری رہ سکتا ہے۔/ 109

گرمائی دارالخلافہ سرینگر میں بنیادی ڈھانچے کے قیام کو مقررہ وقت کے اندر اندر مکمل کیا جائیگا/ ڈپٹی کمشنر سرینگر

سرینگر// 30 ستمبر// اے پی آئی// گرمائی دارالخلافہ میں بنیادی ڈھانچے کا قیام مقررہ وقت کے اندر اندر مکمل کرنے کا عندیہ دیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر سرینگر نے کہا کہ تمام اداروں کے سربراہان کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ ایکشن پلان کیلئے آگے آئیں تاکہ شارٹ ٹرم، لانگ ٹرم کے تحت اور بنیادی ڈھانچے کے قیام کیلئے اقدامات اٹھائے/ 110

سکینہ ایتو نے کشمیر یونیورسٹی میں طالب علم دوست ماڈل اپنانے کی وکالت کی

یونیورسٹی کے تعلیمی واِنتظامی کام کاج کا جائزہ لیا

کشمیر یونیورسٹی کو تعلیمی عمدگی کا مینار بنانے میں مکمل تعاون کی یقینی دہانی کی

سری نگر// انفو// وزیر برائے تعلیم، سماجی بہبود، صحت وطبی تعلیم سکینہ ایتو نے جموں وکشمیر کے اعلیٰ تعلیمی اداروں پر زور دیا کہ وہ خود کو طلباء کی اُمنگوں اور جدید تعلیمی معیارات کے مطابق ہم آہنگ کریں۔ ان باتوں کا اظہار وزیر موصوف نے آج یہاں سول سیکرٹریٹ میں کشمیر یونیورسٹی کی تعلیمی و انتظامی کام کاج کا جائزہ لینے کے لئے منعقدہ ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ میٹنگ میں وائس چانسلر کشمیر یونیورسٹی پروفیسر نیلوفر خان، رجسٹرار کشمیر یونیورسٹی، یونیورسٹی اور اعلیٰ تعلیم محکمہ کے دیگر سینئر افسران نے شرکت کی۔ دوران میٹنگ وزیر تعلیم نے تدریس و تحقیق، بنیادی ڈھانچے کی ترقی، طلباء کی بہبود، اقدامات اور یونیورسٹی کی دیگر مختلف سرگرمیوں پر تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے زور دیا کہ طلباء کمیونٹی کو ہر پالیسی اور اصلاحاتی اقدام کے مرکز میں رہنا چاہیے کیوں کہ وہ تعلیمی نظام کے حقیقی شراکت دار ہیں۔ سکینہ ایتو نے مشاہدہ کیا/ 111

سرینگر کے مختلف علاقوں میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کیخلاف کارروائی

خصوصی چیکنگ مہم کے دوران 33 گاڑیوں کا چالان اور 14 اسکولی بسیں بلیک لسٹ کردی گئی

ٹریفک قوانین کی سختی سے تعمیل کو یقینی بنانے کیلئے انفورسمنٹ مہم آگے بھی جاری رہے گی/ اے آر ٹی او

سرینگر// 30 ستمبر// سی این آئی// شہر سرینگر کے مختلف علاقوں میں قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے محکمہ ٹرانسپورٹ اور ٹریفک پولیس سٹی سرینگر نے خصوصی مہم چلائی جس دوران 33 گاڑیوں کے چالان کئے گئے جبکہ 14 اسکولی بسیں بلیک لسٹ کردی گئی۔ سی این آئی کے مطابق ٹرانسپورٹ کمشنر جموں وکشمیر کی ہدایت پر، موٹر وہیکل ڈیپارٹمنٹ نے آر ٹی او کشمیر اور اے آر ٹی او فلائنگ اسکواڈ معظم علی شاہ کی نگرانی میں ضلع سرینگر کے مختلف مقامات پر ایک انفورسمنٹ مہم چلائی۔ اس مہم میں ان کے ہمراہ ٹریفک پولیس سرینگر سٹی کے ڈپٹی سپرانٹنڈنٹ محبوب حسین بھی شامل تھے۔ سرینگر کے مختلف حصوں میں چلائی گئی اس مہم کا مقصد ٹریفک کی خلاف ورزیوں کو روکنے اور موٹر وہیکل ایکٹ اور قواعد کی تعمیل کو یقینی بنانے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ مہم کے دوران 215 سے زائد گاڑیوں کی چیکنگ کی گئی جن میں سے 33 کو مختلف جرائم میں ای چالان کیا گیا۔ چالان سے متوقع رقم کا تخمینہ 1.22 لاکھ روپے لگایا گیا ہے۔ موقع پر متعدد گاڑیوں کو بھی قبضے میں لے لیا گیا۔ اس موقعہ پر میڈیا نمائندوں سے بات کرتے ہوئے اسسٹنٹ ریجنل ٹرانسپورٹ آفیسر فلائنگ اسکواڈ معظم علی شاہ نے کہا کہ انہوں نے ڈی وائی ایس پی ٹریفک سٹی سرینگر محبوب الحق اور ان کی ٹیموں کے ساتھ مشترکہ طور پر ٹریفک کی خلاف ورزیوں کو دور کرنے کے لیے مہم چلائی۔ انہوں نے مزید کہا کہ بہت سے افراد کی نشاندہی کی گئی جو قوانین کی خلاف ورزی کرتے پائے گئے اور فوری کارروائی کی گئی۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ کوشش MVD اور ٹریفک پولیس کی جانب سے سڑک کی حفاظت کو مضبوط بنانے کے لیے ایک مربوط اقدام ہے، خاص طور پر ایسے وقت میں جب شہر میں حادثات میں اضافہ دیکھا گیا ہے۔ ٹنگمرگ میں اسکول بس کے حالیہ واقعہ کا حوالہ دیتے ہوئے، اے آر ٹی او نے کہا کہ ان کی ٹیم نے اسکول کا دورہ کیا لیکن اسے بند پایا۔ تاہم انتظامیہ سے ملاقات کے بعد معلوم ہوا کہ 19 سکول بسوں میں سے 14 کے فٹنس سرٹیفکیٹ ختم ہو چکے تھے۔ اگرچہ تجدید کی فیس ادا کردی گئی تھی، لیکن بسیں معائنے کے لیے پیش نہیں کی گئیں۔ نتیجتاً محکمہ نے ان بسوں کو بلیک لسٹ کر دیا ہے۔ ٹریفک پولیس کے ایک اہلکار نے بتایا کہ ان کے اہلکار دو پہیہ اور چار پہیہ دونوں ڈرائیوروں میں بیداری پھیلانے کے لیے تسلسل سڑکوں پر موجود رہتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بار بار کاؤنسلنگ کے باوجود، بہت سے لوگ قواعد پر عمل نہیں/ 112

قطر۔۔۔ایک منفرد مسلم ملک

واہ کینٹ

غریب مچھیروں کی بستی سے معیشت،ٹیکنالوجی اور عالمی سیاست میں الگ پہچان بنانے تک کا سفر

قطر میں جاری فیفاورلڈکپ نے اس چھوٹے سے ملک کو دنیا بھر کی توجہ کا مرکز بنا دیا ہے۔ اگر چہ قطر ایک اسلامی اور ہمارا دوست ملک ہے، لیکن اس کے بارے میں ہمارے ہاں بہت کم معلومات پائی جاتی ہیں۔

اس مضمون کے ذریعے ہم نے کوشش کی ہے کہ عالمی سیاست سے معیشت اور ٹیکنالوجی تک مسلم دنیا میں منفرد پہچان رکھنے والے قطر کی بابت حقائق سے قارئین کو روشناس کرایا جائے۔

قطر جزیرہ نمائے عرب میں سعودی عرب کی زمینی سرحد سے متصل جزیرہ نمائے قطر میں واقع ایک ملک ہے۔ یہ جزیرہ نما ملک بحرین اور متحدہ عرب امارات کے قریب ہے۔ یہ ایران سے خلیج فارس کے اس پار واقع ہے۔

ایک صدی قبل 1922 میں تیس لاکھ باشندوں اور 12 ہزار کلومیٹر سے بھی کم رقبے پر مشتمل یہ ایک چھوٹی خلیجی ریاست عملی طور پر غیر آباد سرزمین تھی۔ یہ ماہی گیروں اور موتی جمع کرنے والوں کی ایک پس ماندہ بستی تھی جہاں کے باشندوں کی اکثریت جزیرہ نما عرب کے وسیع صحراؤں سے آنے والے خانہ بدوشوں اور مسافروں پر مشتمل تھی۔

اس وقت قطر میں چند ہی 90 سال سے زیادہ عمر کے باشندے ہیں جن کو 1930 اور 1940 کی دہائیوں میں درپیش خوف ناک معاشی مشکلات کا زمانہ یاد ہوگا۔ اس وقت جاپانیوں نے موتیوں کی فارمنگ شروع کر کے اور بڑے پیمانے پر اس کی پیداوار یقینی بنا کر قطری معیشت کو تباہ کر دیا تھا۔

پھر قطری معیشت کو ایک معجزے نے بچالیا۔ ہوا یوں کہ یہاں دنیا میں تیل کے سب سے بڑے ذخائر میں سے ایک کی دریافت ہوگئی۔ 1950 کے بعد سے قطری خزانہ تیزی سے مالا مال ہونا شروع ہوگیا۔

یہ اس کے باشندوں کے لیے دنیا کے چند امیر ترین شہریوں میں شامل ہونے کا نقطہ آغاز تھا۔ فلک بوس عمارتیں، پر تعیش مصنوعی جزیرے اور جدید ترین اسٹیڈیم کے باعث یہ ملک دنیا بھر میں نمایاں ہوتا چلا گیا۔ یہ ملک فارس، خلیج اور عرب جزیرے میں ایک علاقائی راہ نما کی حیثیت رکھتا ہے جو باقاعدہ قریبی ممالک کے درمیان سیاسی مداخلت بھی کرتا ہے۔

قطر میں شاہی نظام رائج ہے۔ یہاں امیر قطر سربراہ مملکت ہوتا ہے۔ 2003 کے آئینی ریفرنڈم کے بعد ریاست میں بادشاہت کو آئینی سرپرستی حاصل ہو گئی۔ قطر کے آئین کا ماخذ شریعت ہے۔ قطر کی 29 لاکھ کی آبادی میں سے صرف 10 فی صد ہی اس کے اصل شہری ہیں۔ کسی غیر ملکی کو یہاں کی شہریت ملنا تقریباً ناممکن ہے۔

اسلام اور شریعت کی سختی سے پاس داری کے باوجود غیر ملکیوں کو شراب نوشی کی اجازت ہے۔ دوحہ کے حکم رانوں نے اپنی قوم کو دنیا کے امیر ترین فی کس آمدنی والے شہریوں میں شامل کرنے کے لیے اپنی وسیع ساحل سے دور مائع گیس کے ذرائع سے استفادہ کیا ہے۔ قطر نے امریکی فوجیوں کی میزبانی کے لیے ایک بہت بڑا فوجی اڈا بھی تعمیر کیا ہے۔

قطر کا حجم امریکی ریاست ڈیلاویئر (Delaware) سے تقریباً دوگنا ہے۔ اس کی 2.9 ملین آبادی کی اکثریت اس کے مشرقی ساحل پر واقع دارالحکومت دوحہ کے گردونواح میں مقیم ہے۔

قطر بنیادی طور پر ایک ہم وار ریگستانی ملک ہے جہاں گرمیوں میں درجہ حرارت نمی کے ساتھ 40 ڈگری سینٹی گریڈ بڑھ جاتا ہے۔

قطر کے حالیہ حکم راں امیر شیخ تمیم بن حمد الثانی ہیں۔ 42 سالہ شیخ تمیم نے اپنے والد کی طرف سے حکم رانی چھوڑ دینے کے بعد جون 2013 میں اقتدار سنبھالا۔ ملک میں 45 نشستوں پر مشتمل ایک شوریٰ ہونے کے باوجود قطر کے امیر مطلق العنان حکم راں ہیں۔ قطر میں دیگر خلیجی عرب ممالک کی طرح سیاسی جماعتوں پر پابندی عائد ہے۔

یونین سازی اور ہڑتال کے حقوق انتہائی محدود ہیں۔ ملک میں انسانی حقوق کی کوئی تنظیم نہیں۔ قطر کی کل آبادی کے صرف 10 فی صد باشندے ہی گود سے گور تک وسیع سرکاری فوائد سے فیض یاب ہوتے ہیں۔ یہاں نیچرلائزیشن یعنی کسی کو شہریت دینے کا عمل کم یاب ہے۔

الثانی 1847 سے اب تک قطر پر حکومت کرنے والا واحد خاندان ہے۔ قطر پہلے عثمانی سلطنت اور پھر اس کے بعد برطانوی سامراج کے ماتحت رہا۔ 1971 میں برطانیہ کے اس خطے سے نکل جانے کے بعد قطر ایک آزاد ملک بن گیا۔

یہاں تیل کی برآمد دوسری جنگ عظیم کے بعد سے شروع ہوئی۔ تاہم قطر کی جانب سے دنیا کو مائع قدرتی گیس کی ترسیل کا ?آغاز 1997 میں کیا گیا جس سے اس ملک کی اہمیت کو مزید تقویت ملی۔ قطر قدرتی گیس کی دریافت اور مائع گیس کی برآمدات کی دنیا میں سب سے بڑا ملک ہے۔

1971 میں ماہرین نے قطر کے شمال مشرقی ساحل پر جب قدرتی گیس کے وسیع ذخائر کو دریافت کیا اس وقت کسی کو اس کی اہمیت کا اندازہ نہ تھا۔ چودہ سال کی محنت اور مسلسل کوششوں کے بعد معلوم ہوا کہ مشرقی ساحل دنیا کا سب سے بڑا ''نان ایسوسی ایٹڈ'' قدرتی گیس فیلڈ تھا، جس میں دنیا کے معلوم گیس ذخائر کا تقریباً 10 فی صد حصہ موجود ہے۔

روس اور ایران کے بعد عملی طور پر قطر کے پاس دنیا کا سب سے بڑا گیس کا ذخیرہ ہے جب کہ یہ دونوں ممالک آبادی اور رقبے کے لحاظ سے قطر سے بہت بڑے ہیں۔ مشرقی ساحل تقریباً 6000 کلومیٹر کے رقبے پر محیط ہے جو پورے قطر کے نصف کے برابر ہے۔

قطر گیس وہ کمپنی ہے جو دنیا میں سب سے زیادہ مائع قدرتی گیس پیدا کرتی ہے۔ اس صنعت کی ترقی کو قطری اقتصادی ترقی میں ایک اہم عنصر سمجھا جاتا ہے۔ تاہم تیل کی طرح گیس کی برآمدات میں ہونے والا منافع حاصل ہونے میں وقت لگا۔ 90 کی دہائی میں گیس برآمد کرنے اور اسے معیشت کا عظیم انجن بنانے کا آغاز کیا گیا۔

اکیسویں صدی کی آمد کے ساتھ ہی قطری اقتصادی ترقی میں تیزی دیکھنے میں آئی۔ 2003 اور 2004 کے درمیان 3.7GDP فی صد کی شرح سے بڑھ کر 19.2 فیصد تک پہنچ گیا۔

دو سال بعد 2006 میں معیشت میں 26.2 فی صد تک اضافہ ہوا۔ دہرے ہندسے کی GDP نمو کئی سالوں سے قطر کی معیشت کی مضبوطی کی علامت رہی ہے اور یہ ایک ایسا رجحان ہے جس کی وضاحت صرف گیس کی قیمت سے نہیں کی جاسکتی۔ اس کی برآمدات میں غیر معمولی اضافہ بھی اس کا سبب ہے۔

1996 میں قدرتی گیس سے بھرا ایک کارگو جاپان روانہ ہوا۔ یہ قطری گیس کی پہلی بڑی برآمد اور عربوں ڈالر کی صنعت کا آغاز تھا جس نے قطریوں کو دولت کے لحاظ سے عالمی منظر میں نمایاں کر دیا۔ 2021 میں قطر میں فی کس 61,276GDP ڈالر تھی۔ اگر قوت خرید کو بھی مدنظر رکھا جائے تو عالمی بنک کے مطابق یہ رقم 93,521 امریکی ڈالر تک پہنچ جاتی ہے جو کہ دنیا میں سب سے زیادہ ہے۔

قطر آبادی انتہائی کم ہونے کی وجہ سے فی کس GDP تیزی سے بڑھنے لگا۔ قطری ریاست اعلیٰ اجرتوں کی ضمانت دینے کے علاوہ مضبوط تعلیمی اور صحت کا نظام بھی فراہم کرتی ہے۔ قطر کی معیشت کے مستقبل کے ڈھانچے کا انحصار تیل پر ہے۔ قطر نے مشرق و مغرب کے فضائی سفر کے لیے قطر ایئرویز کے نام سے دنیا کی چند بڑی ہوائی کمپنیوں میں سے ایک بڑی ہوائی کمپنی کا اجراء کیا۔

قطر نے الجزیرہ کے نام سے اپنے مشہور و معروف مواصلاتی خبروں کے نظام کی بنیاد رکھی جس نے ذرائع ابلاغ میں ایک عرب نقطہ نظر پیش کیا۔ یہ عرب دنیا کا جانا پہچانا تسلیم شدہ مواصلاتی خبروں کا چینل ہے۔ القاعدہ کے رہنما اسامہ بن لادن کے بیانات نشر کرنے کے وجہ سے دنیا بھر میں الجزیرہ ٹی وی کی شہرت میں یک دم اضافہ ہوا۔

خبروں کے اس ذریعے نے 2011 کی عرب بہار کے احتجاج کو ہوا دینے میں مدد دی۔ قطر کا بین الاقوامی سیاست میں اہم کردار ہے۔ یہ ملک اسلام کے راسخ العقیدہ رجحان کی پیروی کرتا ہے۔ قطر کے سیاسی کردار میں اس کے عقیدے کی جھلک واضح دکھائی دیتی ہے۔

2011 کی عرب بہار میں قطر اسلام پسندوں کی حمایت کرتے ہوئے مصر کے سابق صدر محمد مرسی اور اخوان المسلمین کے ساتھ شام کے صدر بشار الاسد کے خلاف کھڑے ہونے والوں میں شامل تھا۔ قطر نے عسکریت پسند گروہ حماس کی حمایت کے ساتھ میزبان کے طور پر امریکا اور طالبان کے درمیان ہونے والے مذاکرات پر بھی کام کیا جس کے نتیجے میں امریکا کی افواج کا 2021 میں افغانستان سے انخلاء [illegible] ہوا۔

بحرین، مصر، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات نے اسلام پسند گروہوں کی حمایت کے سبب ایک سال تک قطر کا بائیکاٹ کیے رکھا۔ پھر یہ بائیکاٹ صدر جو بائیڈن کے وائٹ ہاؤس میں داخل ہونے کی تیاریوں کے دوران ختم ہوا۔

1991 میں ہونے والی خلیجی جنگ کے دوران مغربی فوجیوں کو ملک میں قیام کی اجازت دینے کے بعد قطر نے سب سے بڑا العدید ہوائی اڈا تعمیر کیا جس پر ایک بیلین ڈالر سے زیادہ لاگت آئی۔ امریکی فوجیوں نے 11 ستمبر 2001 کے دہشت گردانہ حملوں اور اس کے نتیجے میں افغانستان پر حملے کے بعد خفیہ طور پر اس اڈے کا استعمال شروع کر دیا تھا۔

مارچ 2002 میں اس اڈے کی مشرق وسطی میں موجودگی امریکا کے اس وقت کے نائب صدر ڈک چینی کے دورے کی وجہ سے منظر عام پر آگئی۔ اس کے بعد امریکا نے 2003 میں امریکی فوج کی سینٹرل کمانڈ کے ہیڈ کوارٹر کو العدید ہوائی اڈے میں منتقل کر دیا۔

اس کے بعد امریکا نے افغانستان، عراق اور شام میں داعش سمیت دیگر گروہوں کے خلاف فضائی کارروائیاں شروع کردیں۔ کابل سے امریکی فوجیوں کے انخلاء میں مدد کے لیے اس اڈے کو استعمال کیا گیا۔ اس اڈے پر آج بھی تقریباً 8000 امریکی فوجی موجود ہیں۔ اس کے علاوہ قطر میں ترکیہ کا بھی ایک فوجی اڈا موجود ہے۔

تعلیم، سائنس اور لوگوں کی فلاح بہبود کے لیے سرکاری سرپرستی میں چلنے والی غیر منافع بخش تنظیم قطر فاؤنڈیشن کی بنیاد 1995 میں اس وقت کے امیر حمد بن خلیفہ الثانی اور اس کی دوسری بیوی عظمت شیخ معزہ بنت نصر المسند نے رکھی۔

قطر فاؤنڈیشن (QF) کی سربراہ معزہ بنت نصر نے بذات خود تعلیم سائنس اور قطر کی ثقافت کو فروغ دینے کے لیے اسے ملکی اور بین الاقوامی سطح پر پھیلایا۔

قطر میں بہت سے قابل ذکر یونیورسٹیاں موجود ہیں جو تعلیم و تحقیق کے میدان میں بہت سے کام کر رہی ہیں۔ ان میں سے قطر یونیورسٹی میں واقع قطر یونیورسٹی اور حماد بن خلیفہ یونیورسٹی ملک میں دست یاب دو قومی یونیورسٹیاں ہیں۔

غیر ملکی یونیورسٹیوں میں کارنتی میلان یونیورسٹی، قطر میں واقع HEC پیرس جو ایک بین الاقوامی کاروباری مینجمنٹ اسکول ہے۔ اس کے علاوہ نارتھ ویسٹرن یونیورسٹی، ٹیکساس اینڈ ایم یونیورسٹی، کیلگیری یونیورسٹی، یونیورسٹی کالج لندن اور اسٹینڈن یونیورسٹی ہیں۔

قطر جزیرہ نما عرب ملک ہے جس کے منظر نامے میں خشک صحرا اور خلیج فارس (عرب) کے لمبے ساحل اور ٹیلے شامل ہیں۔

یہاں 1973 میں مرد اور خواتین کے لیے پہلا کالج قائم ہوا۔ جدید کیمپس قطر یونیورسٹی باضابطہ طور پر 1985 میں کھولا گیا۔ تعلیمی عملے میں قطر اور عرب اور غیر عرب دونوں ممالک کے ماہرین کی ایک قابل ذکر تعداد شامل ہے۔

قطر میں عوامی تحقیقی یونیورسٹی جامع قطر ہے جو دارالحکومت دوحہ کے شمالی مضافات میں واقع ہے۔ قطر یونیورسٹی میں عربی میں (تعلیم، فنون اور معاشرتی علوم) اور انگریزی میں (قدرتی علوم، انجینئرنگ اور بزنس) پڑھائے جاتے ہیں۔ قطر یونیورسٹی ملک کی واحد سرکاری یونیورسٹی ہے۔ اس یونیورسٹی میں 10 کالج ہیں۔

آرٹس اینڈ سائنس، بزنس اینڈ اکنامکس، ایجوکیشن، انجینئرنگ، قانون، شرعیہ اور اسلامی علوم، فارمیسی، کالج آف ہیلتھ سائنس، کالج آف میڈیسن اور ڈینٹیکل میڈیسن کا کالج جس میں کل 8000 طلبا ہیں۔

قطر میں خواتین سیاسی اور معاشی فیصلہ سازی سمیت زندگی کے تمام پہلوؤں میں نمایاں کردار ادا کرتی ہیں۔ قطر میں خواتین کو ہر شعبہ زندگی میں بہترین نمائندگی ملتی ہے۔ قطر میں صنفی مساوات کا نظام خطے کے کسی اور ملک سے کہیں بہتر ہے۔

افرادی قوت میں خواتین کی شرکت کی شرح سب سے زیادہ ہے۔ سرکاری شعبوں میں مساوی تنخواہیں اور یونیورسٹیوں کے پروگراموں میں داخلہ لینے والی خواتین کی شرح بھی سب سے زیادہ ہے۔

قطر ایک ایسا ملک ہے جہاں پانی تیل سے زیادہ مہنگا ہے۔ اس نے ورلڈکپ کے دوران پانی ذخیرہ کرنے کے لیے چین کے تعاون سے ملک بھر میں پانچ مقامات پر 15 انتہائی بڑے ٹینک بنوائے ہیں۔

چینی ساختہ کمپنیاں قطر کی توانائی کی پیداوار کو بڑھانے میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہیں۔ الخارصہ نامی 800 میگا واٹ کے شمسی توانائی کے ذرائع جو دارلحکومت دوحہ سے تقریباً 80 کلومیٹر مغرب میں صحرائی علاقے میں واقع ہیں۔

یہ مشرق وسطی کے سب سے بڑے پلانٹ میں سے ایک ہے۔ قطر شاید مسلم دنیا کا پہلا ملک ہے جو سولر پینل پر پیسٹ ہونے والے سولر سیل تیار کرتا ہے۔

چینی کمپنیوں کے ذریعے تعمیر کردہ پلانٹ میں قطر کی توانائی کی پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے جس سے قطر کو ورلڈکپ کی میزبانی میں بہترین مدد ملی۔

قطر علم و تحقیق کے میدان میں نمایاں کامیابیاں حاصل کر رہا ہے۔ ان میں صحت، طب، توانائی کو ذخیرہ کرنے کے ذرائع، نیم موصل پانی (Semi waterConductor)، پانی کی صفائی، قابل تجدید توانائی اور حرکیات (Thermodynamics) ان شعبہ جات میں نمایاں تحقیقات ہو رہی ہیں۔ ان تحقیقی مراکز میں دنیا کے بہترین دماغ کام کر رہے ہیں جس میں اسپین، پاکستان، امریکا، جرمنی اور فلسطین وغیرہ کے سائنس دانوں کا اہم کردار ہے۔

قطر میں منعقد کیے جانے والا فیفا عالمی کپ اس وقت فٹ بال کی دنیا کا سب سے بڑا کھیلوں کا میلہ ہے۔ قطر میں اس کی تیاریوں نے دنیا کی نظریں اس پر مرکوز کر دی ہیں۔ تمام دنیا عالمی کپ کے اس اہم تقریب کے لیے قطر کی انتہائی وسیع مہم سے بھی واقف ہے۔

لیکن ماہرین کہتے ہیں اس مہم کے دوران جتنے انسان جان سے گئے وہ بھی دنیا کے لیے باعث تشویش اور قطر کی ساکھ کے لیے پریشان کن ہے۔ قطر کا شمار دنیا کے امیر ترین ممالک میں ہوتا ہے۔ 2010 میں جب سے فیفا ورلڈکپ کی ذمے داری قطر کو سونپی گئی یہ ملک تبدیل ہو کر رہ گیا ہے۔ یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ اس کی تعمیر نو ہوگئی ہے۔

نیا میٹرو، آسمان کو چھوتی ہوئی نئی عمارتیں، نئی یونیورسٹیاں، عجائب گھر اور نئی بندرگاہ اور ان سب کے ساتھ نئے اسٹیڈیم بنے اور ایک کی تعمیر نو بھی ہوئی۔

انسانی حقوق کے گروہوں اور ذرائع ابلاغ کے مطابق ہوسکتا ہے کہ قطر میں تعمیر کے ان تمام وسیع منصوبوں کی تکمیل کے دوران ہزاروں کارکن موت کا شکار ہوئے ہوں، تاہم قطر حکومت نے ان دعوؤں کو شرمناک اور ہتک آمیز قرار دیا ہے۔ اور کہا ہے کہ وہ ملک کی ساکھ کے دفاع کے لیے قانونی کارروائی پر غور کر رہے ہیں۔

ایمنیسٹی انٹرنیشنل کے ایک سنیئر محقق اسٹیو کاک برن کے مطابق ورلڈکپ کے پراجیکٹ ہوں یا کوئی اور منصوبے، گذشتہ دہائی میں ہزاروں ہلاکتوں کی وجوہات سامنے نہیں آئیں۔ ان میں کم از کم سیکڑوں ہلاکتوں کا تعلق کام کے مقامات پر محفوظ انتظامات نہ ہونے کی وجہ سے ہے۔ ان مزدوروں کا تعلق بھارت، بنگلادیش، نیپال، پاکستان اور سری لنکا سے ہے۔

بین الاقوامی یونین نے خلیج کے اس ملک پر دباؤ ڈالا کہ اسے ان اصلاحات پر زیادہ توجہ دینے کی ضرورت ہے جو تحفظ کو بہتر بنانے، مناسب اجرت کے تعین اور مزدوروں کو ملازمت چھوڑنے یا تبدیل کرنے کا حق دینے سے متعلق ہیں۔ اسلامی تحریک، جماعتوں اور علماء اکرام جنہیں ان کا اپنا وطن دیس نکالا کر دیتا ہے تو قطر ان کے لیے ایک محفوظ پناہ گاہ ہے۔

جوہری مذاکرات ناکام، ایران پر دوبارہ پابندیاں عائد

نئی دہلی (ایم این این): جوہری مذاکرات کے معاملے میں ایران پر دوبارہ پابندیاں لگادی گئی ہیں۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں ۳ ممالک (برطانیہ، فرانس اور جرمنی) نے ان الزامات پر شروع کی تھی کہ اس نے ۲۰۱۵ء کے معاہدے کی خلاف ورزی کی ہے جس کا مقصد اسے جوہری بم تیار کرنے سے روکنا تھا۔ آخری لمحات میں ناکام جوہری مذاکرات کے بعد ایران پر اقوام متحدہ کی وسیع پیمانے پر پابندیاں دوبارہ عائد کر دی گئی ہیں، فرانس، برطانیہ اور جرمنی نے تہران کو ''اشتعال انگیزی کے اقدامات'' کے خلاف متنبہ کیا ہے۔ تینوں یورپی ممالک کے وزرائے خارجہ نے گزشتہ روز ایک مشترکہ بیان میں کہا کہ اقوام متحدہ کی پابندیوں کا دوبارہ نفاذ سفارت کاری کا خاتمہ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم ایران پر زور دیتے ہیں کہ وہ کسی بھی قسم کی کشیدگی سے باز رہے اور قانونی طور پر پابند حفاظتی ذمہ داریوں کی تعمیل کی طرف لوٹ آئے۔ ایران پر پابندیوں کی واپسی اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں تین ممالک نے ان الزامات پر شروع کی تھی کہ اس نے ۲۰۱۵ء کے معاہدے کی خلاف ورزی کی ہے جس کا مقصد اسے جوہری بم تیار کرنے سے روکنا تھا۔ ایران نے جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی تردید کردی ہے۔ ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے مغربی ممالک اور امریکہ پر تہران سے بلیک میلنگ کرنے کی کوشش کا الزام لگایا ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ نے اتوار کو اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو غطریس سے درخواست کی کہ وہ تہران پر دوبارہ عائد کی گئی پابندیوں کے نفاذ کے میکانزم کو فعال ہونے سے روکیں۔

پیرو میں حکومت مخالف جین زی مظاہروں میں شدت، پولیس اور مظاہرین میں تصادم

نئی دہلی (ایم این این): پیرو کے دارالحکومت لیما میں حکومت مخالف جین زی کے مظاہرے شدت اختیار کرگئے۔ اس دوران پولیس اور مظاہرین میں تصادم ہوا ہے۔ واضح رہیکہ پیرو کی نوجوان نسل صدر ڈینا بولوارٹے سے مستعفی ہونے کا مطالبہ کررہی ہے اور کانگریس کیخلاف احتجاجی مارچ کر رہی ہے۔ مظاہروں کے دوران پتھراو اور پیٹرول بم سے حملے کئے جا رہے ہیں جس کے نتیجے میں پولیس اہلکار اور صحافی سمیت ۱۹ افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس نے جوابی کارروائی میں آنسو گیس اور ربڑ کی گولیوں کا استعمال کیا ہے۔ یاد رہے کہ پیرو میں جین زی کی جانب سے ۲۰ ستمبر سے بدعنوانی، بڑھتے جرائم اور پنشن کے نئے قانون کے خلاف احتجاج کا سلسلہ جاری ہے۔

نیتن یاہو کی یرغمالوں کی رہائی کے بدلے حماس کو معافی اور محفوظ راستہ دینے کی پیشکش

نئی دہلی (ایم این این): اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو نے کہا ہے کہ اگر حماس باقی ماندہ یرغمالوں کو رہا کر دے اور غزہ چھوڑنے کے لئے تیار ہو تو انہیں معافی دے دی جائے گی۔ برطانوی جریدے 'ٹیلی گراف' کی رپورٹ کے مطابق اس سے قبل نیتن یاہو حماس کے مکمل خاتمے ہی کو غزہ میں جنگ بندی کا واحد راستہ قرار دے چکے ہیں لیکن اتوار کو انہوں نے بظاہر صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی جانب سے تیار کردہ امن منصوبے کی لیک ہونے والی تفصیل کی تصدیق کی اور کہا کہ حماس کو حفاظتی گزرگاہ مل سکتی ہے۔ انہوں نے 'فاکس نیوز' سے کہا: ''اگر حماس کے لیڈر جنگ ختم کریں اور تمام یرغمالوں کو رہا کریں تو ہم انہیں جانے دیں گے۔'' نیتن یاہو نے کہا: ''میرے خیال میں یہ سب منصوبے کا حصہ ہے، میں اسے پہلے سے نہیں بتاوں گا، کیونکہ ہم اس وقت اس سلسلے میں مذاکرات کررہے ہیں۔'' اتوار کو عرب میڈیا میں لیک ہونے والی رپورٹس کے مطابق صدر ٹرمپ، اسرائیل کی جانب سے عوامی طور پر معاہدہ قبول کئے جانے کے ۴۸ گھنٹے کے اندر غزہ میں موجود تمام ۴۸ یرغمالوں کو رہا کرنے کی صورت ہی میں حماس کے لیڈروں کو محفوظ گزرگاہ دینے کے لئے تیار ہوں گے۔ ٹائمس آف اسرائیل نے منصوبے کے چیدہ نکات سے متعلق اپنی رپورٹ میں بتایا کہ بدلے میں اسرائیل عمر قید کی سزا پانے والے کئی سو فلسطینی سیکوریٹی قیدیوں اور غزہ جنگ کے بعد گرفتار کیے گئے ایک ہزار افراد کو رہا کرے گا، نیز کئی سو فلسطینیوں کی لاشیں بھی واپس کرے گا۔ منصوبے کے مطابق حماس کے جو لیڈر پرامن بقائے باہمی کا عہد کریں گے، انہیں معافی دی جائے گی جبکہ جو اراکین غزہ چھوڑنا چاہیں انہیں وصول کرنے والے ممالک تک محفوظ راستہ دیا جائے گا۔ دریں اثنا خبر رساں ادارے 'اے ایف پی' کے مطابق امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ پیر کو وہائٹ ہاؤس میں اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو سے اعلیٰ سطح کے مذاکرات کریں گے جن کا مقصد ایک مشکل اور دیرینہ غزہ امن منصوبے کو پایہ تکمیل تک پہنچانا ہے۔

فلسطینی کمیٹی: اسرائیل نے مقدس سرزمین پر عیسائیوں کی موجودگی ختم کردی

نئی دہلی (ایم این این): فلسطین کے ایک سرکاری ادارے نے کہا ہے کہ اسرائیل نے فلسطین میں عیسائیوں کی موجودگی کو تباہ اور ختم کر دیا ہے اور غزہ میں جاری قتل عام کے دوران گرجا گھروں اور ان کے اداروں پر بمباری کی ہے۔ ۲۰۰۲ء کے مغربی کنارے پر حملے کے دوران چرچ آف دی نیٹی وٹی کے باہر اسرائیلی ٹینک کی تصویر کے ساتھ جاری ایک بیان میں، چرچ کے امور کی اعلیٰ صدارتی کمیٹی نے جمعہ کو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں اسرائیلی وزیر اعظم بنجامن نیتن یاہو کی تقریر کا جواب دیا۔ نیتن یاہو نے دعویٰ کیا تھا کہ مشرق وسطیٰ میں اسرائیل واحد عیسائی ریاست ہے۔ کمیٹی نے کہا کہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے تقریباً خالی ہال میں جنگی مجرم اور آئی سی سی کے مفرور نیتن یاہو نے ایک بار پھر فلسطینی عیسائیوں کے بارے میں جھوٹ پھیلایا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ''نسلی تطہیر، نسل پرستی اور نسل کشی پر مبنی اسرائیل کی نوآبادیاتی پالیسیوں نے فلسطین میں عیسائیوں کی موجودگی کو تباہ کر دیا ہے۔'' کمیٹی نے یاددلایا کہ ۱۹۴۸ء کے نکبہ کے وقت فلسطینی عیسائی تاریخی فلسطین کی آبادی کا ۱۲.۵ فیصد تھے، جبکہ آج یہ شرح صرف ۱.۲ فیصد رہ گئی ہے اور ۱۹۶۷ء میں زیر قبضہ علاقوں میں صرف ایک فیصد۔ یہ کمی براہ راست ''نسلی تطہیر، جبری نقل مکانی، زمینوں پر قبضے اور منظم جبر'' کا نتیجہ قرار دی گئی۔ کمیٹی نے مثالیں پیش کیں، جن میں نکبہ کے دوران ۹۰ ہزار عیسائیوں کی نقل مکانی، ۳۰ کے قریب گرجا گھروں کی زبردستی بندش، ۱۹۴۸ء میں یروشلم میں بمباری میں ۵۲ عیسائیوں کی ہلاکت اور اقرت اور ایلابون گاوں میں ۲۱ عیسائیوں کی پھانسی شامل ہیں۔ مزید کہا گیا کہ اکتوبر ۲۰۲۳ء سے جاری غزہ جنگ میں اسرائیل نے سینٹ پورفیریس چرچ، ہولی فیملی چرچ، الاہلی عرب اسپتال اور دیگر مسیحی اداروں کو نشانہ بنایا۔ غزہ میں اب تک ۴۴ فلسطینی عیسائی ہلاک ہو چکے ہیں، براہ راست بمباری یا انسانی بحران کی وجہ سے۔ مغربی کنارے میں طیبہ جیسے عیسائی گاوں پر بھی آبادکار گروپوں کے بار بار حملوں کی اطلاع ملی۔ بیان میں کہا گیا کہ ''فلسطین بھر میں گرجا گھر ایک غیر معمولی حملے کا سامنا کر رہے ہیں جس سے ان کی تاریخی موجودگی اور مقدس سرزمین میں جاری مشن خطرے میں ہے۔'' اسرائیل پر یروشلم میں آرتھوڈوکس پیٹریارکیٹ اکاونٹس کو منجمد کرنے، چرچ کی جائیدادوں پر غیر قانونی ٹیکس عائد کرنے اور آرمینیائی چرچ کی زمین پر قبضے کا الزام بھی لگایا گیا۔ کمیٹی نے کہا کہ بیت لحم میں غیر قانونی بستیاں، فوجی چوکیاں اور علاحدگی کی دیوار شہر کو گھیرے میں لے چکی ہیں اور عیسائی زمینوں پر قبضے جاری ہیں۔ بیان کے اختتام میں کہا گیا ہے کہ ''اسرائیل نے مقدس سرزمین میں عیسائیوں کی موجودگی کو ختم کردیا ہے۔ نیتن یاہو کے جھوٹ نہ تاریخ بدل سکتے ہیں نہ ہی فلسطینی عیسائی و مسلمان زندگی کی حقیقت کو مٹا سکتے ہیں۔'' کمیٹی نے زور دیا کہ ''فلسطین میں عیسائیوں کی موجودگی کا دفاع ایک عالمی انسانی، اخلاقی اور قانونی مقصد ہے۔''

نیپال: عبوری حکومت کی معزول وزیراعظم اور اعلیٰ عہدیداروں پر سفری پابندیاں

نئی دہلی (ایم این این): نیپال کی عبوری حکومت نے معزول وزیراعظم کے پی شرما اولی اور چار اعلیٰ عہدیداروں پر سفری پابندیاں عائد کر دی ہیں۔ خیال رہے کہ اس معاملے کی تحقیق ابھی جاری ہے جس میں چند ہفتوں قبل نوجوانوں کی قیادت میں مظاہروں کے سبب حکومت گر گئی تھی۔ وزیر داخلہ اوم پرکاش آریال نے پیر کو تصدیق کی کہ حکومت کے مقرر کردہ کمیشن کی سفارشات کے بعد پابندیاں پہلے سے ہی موجود ہیں۔ کمیشن نے کہا کہ پانچوں افراد بغیر اجازت کھٹمنڈو وادی نہیں چھوڑ سکتے کیونکہ انہیں کسی بھی وقت پوچھ گچھ کیلئے طلب کیا جا سکتا ہے۔ تاہم، ایک بیان میں اولی نے پابندیوں کو اپنی حفاظت اور سرکاری مراعات سے محروم کرنے کی کوشش قرار دیا۔ پابندیوں کی زد میں آنے والوں میں رمیش لیکھک، سابق قومی تحقیقاتی محکمہ کے سربراہ ہتراج تھاپا اور دو دیگر سینئر بیوروکریٹس شامل ہیں۔ یہ اقدامات اس وقت تک برقرار رہیں گے جب تک کہ عبوری وزیراعظم سشیلا کارکی کی جانب سے تشدد کی تحقیقات کیلئے کمیشن قائم نہیں کیا جاتا۔ توقع ہے کہ کمیشن کے نتائج مارچ ۲۰۲۶ء میں نئے انتخابات سے پہلے پیش کیے جائیں گے۔ واضح رہے کہ نیپال میں مظاہرے ۸ ستمبر کو سوشل میڈیا پر ایک مختصر پابندی، معاشی بدحالی اور بدعنوانی کے خلاف عوامی غصے کے نتیجے میں شروع ہوئی تھی۔ مظاہرے اس وقت شدت اختیار کر گئے جب پولیس نے مظاہرین پر گولیاں چلائیں۔ دو دن کی افراتفری میں کم از کم ۷۲ افراد ہلاک ہوئے، پارلیمنٹ اور سرکاری دفاتر کو نذر آتش کر دیا گیا اور بالآخر اولی کی حکومت گر گئی۔ نیپال کے نجی شعبے کو بھی بھاری نقصان اٹھانا پڑا۔ آٹو، ہوٹل اور ریٹیل انڈسٹریز سمیت مختلف شعبوں کے نقصانات کا تخمینہ ۶۰۰ ملین ڈالر لگایا گیا ہے۔

2080ء کے بعد دنیا کی آبادی میں زبردست کمی، صدی کے آخر تک ۱۰.۲ بلین رہ جائے گی

نئی دہلی (ایم این این): ۲۰۲۲ء میں دنیا کی آبادی نے ۸ بلین کا ہندسہ پار کرلیا تھا جو ایک صدی پہلے کے مقابلے چار گنا زیادہ ہے۔ اقوام متحدہ کی حالیہ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ہندوستان جیسے ممالک میں آبادی کا بڑھنا ایک بڑا مسئلہ ہے، جبکہ جاپان جیسے ترقی یافتہ ممالک اپنی آبادی بڑھانے کی جدوجہد کر رہے ہیں۔

نیویارک شہر الیکشن: موجودہ میئر ایرک ایڈمز نے انتخابی دوڑ سے نکلنے کا اعلان کیا

نئی دہلی (ایم این این): نیویارک شہر کے میئر ایرک ایڈمز نے اتوار کو اعلان کیا کہ وہ دوسری مدت کیلئے انتخاب نہیں لڑیں گے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر شیئر کئے گئے ۸ منٹ کے ایک ویڈیو پیغام میں، ایڈمز نے کہا کہ وہ مالی اور سیاسی دباؤ کی وجہ سے انتخابی مہم نہیں چلا سکتے۔ انہوں نے کہا کہ ''میرے مستقبل کے بارے میں میڈیا کی مسلسل قیاس آرائیاں اور مہم کے مالیاتی بورڈ کا فیصلہ'' ... نے کہا کہ نیویارک شہر میں اس سال فائرنگ اور قتل کی سب سے کم وارداتیں ریکارڈ کی گئی ہیں۔ اس کے باوجود، انہوں نے تسلیم کیا کہ بہت سے رہائشی ابھی بھی رہائش اور حفاظت سے جڑے ... لئے بغیر، ''ان لوگوں سے ہوشیار رہنے'' کی تاکید کی جو ''یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ اس نظام کو تباہ کر دینا ہی حل ہے جو ہم نے نسلوں سے مل کر بنایا ہے! یہ تبدیلی نہیں، یہ افراتفری ہے۔'' انتخابی دوڑ

ظہران ممدانی کے جیتنے پر نیویارک کو فنڈ ز روکے جائیں گے: امریکی صدر ٹرمپ کی دھمکی

نئی دہلی (ایم این این): ۳۳ سالہ ظہران ممدانی، جو ڈیموکریٹک سوشلسٹ ہیں، نے سابق گورنر اینڈریو کوومو کو نیویارک میئر کی پرائمری میں شاندار شکست دی ہے، اور اب نومبر ۲۰۲۵ء کے میئر انتخابات کیلئے ڈیموکریٹک پارٹی کے باقاعدہ امیدوار ہیں۔ وہ نیویارک کے پہلے مسلم اور جنوبی ایشیائی میئر بننے کے انتہائی قریب ہیں۔ پیر کو ٹرمپ نے اپنے ٹروتھ سوشل پر ممدانی کو ''خود ساختہ کمیونسٹ'' قرار دیتے ہوئے کہا کہ اگر وہ میئر بنے تو نیویارک کو وفاقی فنڈز کی فراہمی روک دی جائے گی کیونکہ ان کے نظریات ناقابل قبول اور ناکام ثابت ہوں گے۔ انہوں نے ممدانی کے وعدوں پارک سٹی کمیونسٹ، ظہران ممدانی، جو میئر کیلئے انتخاب لڑ رہے ہیں، ہماری عظیم ریپبلکن پارٹی کیلئے اب تک ہونے والی بہترین چیزوں میں سے ایک ثابت ہوں گے۔ انہیں واشنگٹن کے ساتھ ایسے مسائل درپیش ہوں گے جیسے کہ ہمارے ایک زمانے کے عظیم شہر کی تاریخ میں کوئی میئر نہیں تھا۔ یاد رکھیں، اپنے تمام جعلی کمیونسٹ وعدوں کو پورا کرنے کیلئے مجھ سے رقم کی ضرورت ہے۔ اسے اس میں سے کچھ بھی نہیں ملے گا، تو اس کو ووٹ دینے کا کیا فائدہ؟ یہ نظریہ ہمیشہ سے، ہزاروں برسوں سے ناکام رہا ہے۔ یہ دوبارہ ناکام ہو جائے گا، اور اس کی ضمانت ہے!'' ایرک ایڈمز کی دستبرداری کے بعد اینڈریو کوومو دوبارہ سیاسی منظرنامے میں سامنے آسکتے ہیں، جو ممدانی کیلئے ایک بڑا چیلنج ہوگا۔ ایڈمز نے اپنی مہم کیلئے درکار فنڈنگ روکے گئی ہے۔ ظہران ممدانی نے ایڈمز کی دستبرداری کو دولت مند حلقوں کی عدم حمایت اور ناکام سیاست کی عکاسی قرار دیا ہے۔

DEVELOPMENT COMMISSIONER (HANDICRAFTS)
Ministry of Textiles, Government of India

Sabzar social welfare society organizes
Gandhi Shilp Bazar (State) at Kashmir Haat Srinagar
W.E.F 01-10-2025 TO to 10-10-2025
(General Category)

The artisans from all over India are invited to participate in the Gandhi Shilp Bazar (State) .The artisans will brought new Hand made Handicrafts products for sale and also Sale of Kashmiri Handmade Handicrafts Goods, like Pashmina Shawls, semi Pashmina Shawls, Ladies Suits, Crape Suits Crape Sarees, willow work, Paper Machie, Wall Hanging, Bags, Pouches ,Bed Covers, Cushion Cover, ,jewelry, Carpet, Zari, Ladies Top, Ari shawls, Ari Jama, Cotton Suit Stoles in Ari and Sozni on discount rates

Sponsored By:-
O/o The Development Commissioner(Handicrafts)
Ministry of Textiles, Plot No 8, Nelson Mandela Marg, Vasant Kunj
New Delhi 110070

Organized By:-
SABZAR SOCIAL WELFARE SOCIETY ARCHANDERHAMA
Contact No:- 9419019555 Mail Id:-sabzar5508@gmail.com

DEVELOPMENT COMMISSIONER (HANDICRAFTS)
Ministry of Textiles, Government of India

Sabzar social welfare society organizes
Gandhi Shilp Bazar (State) at Kashmir Haat Srinagar
W.E.F 01-10-2025 TO to 10-10-2025
(SC Category)

The artisans from all over India are invited to participate in the Gandhi Shilp Bazar (State) .The artisans will brought new Hand made Handicrafts products for sale and also Sale of Kashmiri Handmade Handicrafts Goods, like Pashmina Shawls, semi Pashmina Shawls, Ladies Suits, Crape Suits Crape Sarees, willow work, Paper Machie, Wall Hanging, Bags, Pouches ,Bed Covers, Cushion Cover, ,jewelry, Carpet, Zari, Ladies Top, Ari shawls, Ari Jama, Cotton Suit Stoles in Ari and Sozni on discount rates

Sponsored By:-
O/o The Development Commissioner(Handicrafts)
Ministry of Textiles, Plot No 8, Nelson Mandela Marg, Vasant Kunj
New Delhi 110070

Organized By:-
SABZAR SOCIAL WELFARE SOCIETY ARCHANDERHAMA
1. Bidders must ensure to upload scanned copies (on 100dpi(of all necessary documents like Cost of Tender document in the form of Treasury Challan in favour of Executive Engineer Irrigation Division Anantnag /latest GST clearance certificate(GSTR-3B and GSTR-1/ (Registration card duly renewed along with Verification/BID Security in the form of EMD as per above. And Additional performance security as per below (2).(EMD CDR and Additional Performance Security CDR shall be deposited separately for each item of work.(The date of CDR/FDR/BG should be between the date of start of bid and bid submission end date.After opening of tenders online, the 1st lowest bidder shall be asked to deposit the CDR/FDR/additional performance security pledged to tender receiving authority and other documents in original. The CDR/ FDR / additional performance security and other documents in original shall be deposited within two Days positively after opening of tenders. The EMD in the shape of CDR/FDR of the successful bidder will be retained as performance security deposit till expiry of defect liability period, whereas the EMD of unsuccessful bidders will be returned latest by 30 days after award of the contract. The check list of documents for cover 1st is attached with the NIT & bidders are advised to recheck the uploaded documents as per the Check list.
2. Other terms & conditions shall be the same as laid down in the PWD Form-25.

Remittance Head: 0702

Position of AAA)- :1(Accorded Vide Superintending Engineer Hyd. Circle Anantnag's order No. SE/Hyd/DB/107 of 01-2021 dated 21-01-2021 issued under No. SE/Hyd/DB/AA/7653-55 dated 21/01/2025 , No. SE/Hyd/DB/163 of 02 -2020-21 dated 11-02-2021 and No. Order No. SE/Hyd/DB 164 of 02-2021 dated 11-02-2021 issued under No.SE/Hyd/DB/AA/8605-07 dated 11-02-2021

Position of TS) _1.(Accorded Videthis office Order No. 19 DB of 2025-26 dated 27-09-2025 issued under No. IDA/5398 dated 27-09-2025.

Position of Funds- :Budgetary Provision.

No.IDA/5420-42 **Dated:27/09/2025**

Sd/-Executive Engineer
Irrigation Division Anantnag

DIPK No: 6691/25

باقیات

101

ضروری خدمات، ہارڈ ویئر اور سبزیوں کی دکانیں شام 5 بجے تک کھولنے کی اجازت دی ہے۔ انتظامیہ نے واضح کیا کہ اس نرمی کا اطلاق لیہہ ضلع کے دائرہ اختیار میں کام کرنے والے ایسے تمام اداروں پر ہوتا ہے۔ یہ حکم عوام کی سہولت کے مفاد میں جاری کیا گیا ہے اور ضروری اشیاء تک بلا تعطل رسائی کو یقینی بناتا ہے۔ اس دوران وزارت داخلہ نے عوامی تحفظ اور سلامتی کے خدشات کا حوالہ دیتے ہوئے منگل کو لداخ کے لیہہ ضلع میں موبائل انٹرنیٹ اور عوامی وائی فائی خدمات کو 29 ستمبر کی شام سے 3 اکتوبر تک مکمل طور پر معطل کرنے کا حکم دیا۔ جوائنٹ سکریٹری (سائبر اینڈ انفارمیشن سیکورٹی) کے ذریعے وزارت داخلہ کے جاری کردہ ایک سرکاری حکم کے مطابق، موبائل ڈیٹا سروسز بشمول 2G، 3G، 4G، اور 5G کے ساتھ ساتھ پبلک وائی فائی نیٹ ورکس کو 29 ستمبر کی شام 6 بجے سے 3 اکتوبر 2025 کو شام 6 بجے تک بند کر دیا گیا ہے۔ یہ معطلی ٹیلی کمیونیکیشن ایکٹ، 2023 اور ٹیلی کمیونیکیشن (سروسز کی عارضی معطلی) رولز، 2024 کے تحت نافذ کی گئی ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ ناگزیر حالات کی وجہ سے عوامی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے اور جرائم کو بھڑکانے کو روکنے کے لیے فوری کارروائی ضروری تھی۔ اس حکم کو مجاز اتھارٹی سے منظوری مل گئی ہے اور یہ ضلع لیہہ کے پورے دائرہ اختیار میں نافذ رہے گا۔

102

(بی جے پی) کے ساتھ کسی بھی سیاسی رہائش کو بھی مسترد کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ اگر بی جے پی کو حکومت میں شامل کرنے سے ریاست کا درجہ بحال کرنے میں مدد ملے گی تو میرا استعفیٰ لے لیں اور کسی دوسرے ممبر اسمبلی کو وزیر اعلیٰ بنائیں لیکن میں سمجھوتہ نہیں کروں گا۔ عمر عبداللہ نے یاد دلایا کہ گزشتہ اسمبلی انتخابات کے بعد ان کے پاس بھی بی جے پی کے ساتھ اتحاد کرنے کا آپشن تھا۔ انہوں نے کہا کہ جیسا کہ مفتی محمد سعید اور محبوبہ مفتی نے 2015 اور 2016 میں کیا تھا، میں بی جے پی کے ساتھ مل کر حکومت بنانے کا انتخاب کر سکتا تھا۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی کے ساتھ حکومت بنانے سے شاید ریاست کا درجہ جلد مل جاتا۔ لیکن میں نے دوسرا راستہ اختیار کیا، بی جے پی کو جموں وکشمیر میں اقتدار سے دور رکھنے کے لیے۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا کہ ہمیں مزید انتظار کرنا پڑے گا، لیکن میں ان کے ذریعے حکومت میں داخل ہونے کی اجازت نہیں دوں گا۔ ریاست کے لیے احتجاج کا مطالبہ کرنے والی آوازوں کا جواب دیتے ہوئے، جموں وکشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے لداخ سے موازنہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ لداخ میں، جب لوگ باہر نکلے تو ایک گھنٹے میں فائرنگ شروع ہو گئی۔ یہاں کشمیر میں، وہ اتنا انتظار بھی نہیں کریں گے، 10 منٹ کے اندر گولیوں کی بارش ہو جائے گی۔ عمر عبداللہ نے کہا کہ میں نہیں چاہتا کہ کشمیری خاندان دوبارہ غم میں ڈوب جائیں۔ انہوں نے زور دیا کہ ہم اپنی لڑائی جاری رکھیں گے

103

کا تصور کرنے اور اسے رنگنے کا موقع فراہم کرتی ہے۔ انہوں نے کہا، 'ایک ترقی یافتہ ہندوستان صرف تصویروں میں نہیں بلکہ حقیقت میں بھی بنانا نوجوانوں کی ذمہ داری ہے۔'' لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں حکومت نوجوانوں کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے اور انہیں ضروری اور درکار وسائل فراہم کرنے کے لئے پُرعزم ہے۔ انہوں نے 'سیوا پرو' نوجوان آبادی کو مستقبل کے چیلنجوں کا مثبت سوچ کے ساتھ سامنا کرنے کے لئے تیار کر رہا ہے۔ تخلیقی اور تعمیری جذبہ انہیں مستقبل کے رہنما، موجد اور معمار بنائے گا اور وہ ہندوستان کی ترقی کی رفتار کو تشکیل دیں گے۔'' لیفٹیننٹ گورنر نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ قائدانہ کردار ادا کریں اور قوم کی تعمیر کے لئے واضح اہداف مقرر کریں۔ انہوں نے کہا، ''ہمارے نوجوان خوشحال مستقبل کی تشکیل، ثقافتی اقدار کے تحفظ اور اختراع کو آگے بڑھانے کی کلید ہیں۔

104

دی کہ وہ اسامیوں کو مؤثر طریقے سے اور بغیر کسی انتظامی رکاوٹ کے پُر کرنے کے لئے فعال حکمت عملی اپنائیں۔ اٹل ڈولو نے اس بات پر بھی زور دیا کہ ملازمین کے ریسورس پرسنوں سے متعلق مسائل کو دیگر انتظامی ترجیحات کی طرح سنجیدگی سے لیا جانا چاہیے۔ انہوں نے بھرتی کے قوانین کو مکمل طور پر آن لائن کرنے کی ہدایت دی تاکہ تاخیر سے بچا جا سکے اور عمل میں شفافیت یقینی بنائی جا سکے۔ انہوں نے محکمانہ ترقیوں اور سروس معاملات کے حوالے سے انتظامی سیکرٹریوں سے کہا کہ وہ سروس سے متعلق معاملات کو مؤثر طریقے سے منظم کریں اور ہر محکمہ ایک جامع عملی منصوبہ تیار کرے جس میں یہ واضح ہو کہ کتنے زیر التوا ڈیپارٹمنٹل پروموشن کمیٹی (ڈی پی سی) معاملات مقررہ وقت میں نمٹا دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ترقیوں سے ملازمین کا حوصلہ بڑھتا ہے اور تاخیر ناقابل قبول ہے۔ چیف سیکرٹری نے شہری مرکوز طرز حکمرانی کے تحت ہدایت دی کہ پبلک سروسز گارنٹی ایکٹ (پی ایس جی اے) پورٹل کو ایک ہفتے کے اندر تیار کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ یہ پورٹل ایک واحد پلیٹ فارم کے طور پر کام کرے گا جس سے عوامی خدمات کی بروقت فراہمی، تاخیر میں کمی اور زیادہ جوابدہی ممکن ہو سکے گا۔ انہوں نے ریگولر ڈیپارٹمنٹل ایکشن کیسز (آر ڈی اے) کے بارے میں کہا کہ متعلقہ محکمے ان معاملات کی باقاعدہ بنیادوں پر نگرانی کریں تاکہ جلد از جلد فیصلہ کیا جا سکے۔ چیف سیکرٹری نے متوفی ملازمین کے لواحقین کو ایس آر او۔ 43 اور نئے ری ہیبلیٹیشن اسسٹنس سکیم (آر اے ایس) کے تحت دی جانے والی ہمدردانہ تقرریوں کے بارے میں عمل کو مزید تیز کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ وہ ان معاملات کو نامزد کمیٹیوں کے سامنے رکھیں اور احکامات جاری کریں۔

105

جموں وکشمیر سرکار کو تبدیلیوں، تقرریوں کو عملانے والی سرکار قرار دیتے ہوئے کہا کہ مرکز جموں وکشمیر کا ریاست کا درجہ دلانے کیلئے وعدہ بند ہے اور موضوع وقت پر جموں وکشمیر کو سٹیٹ ہڈ بحال کیا جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے 11 ماہ سے یہ سرکار صرف ملازمین کی تبدیلیاں عمل میں لانے کی کارروائیاں کر رہی ہیں اور دوسری جانب عوام کو یہ تاثر دے رہی ہے کہ ہمارے پاس اختیار نہیں ہے۔ بی جے پی کے سٹیٹ پریذیڈنٹ نے کہا کہ 25 ستمبر کو ملک بھر میں آتم نربھر بھارت پروگرام شروع کیا گیا ہے اور وزیر اعظم کی رائے ہے کہ اس پروگرام کے تحت ملک کے ہر فرد تک پہنچنا ہماری ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے اسلافوں نے آتم نربھر بھارت کا خواب دیکھا تھا اور ایک ہزار عیسوی میں بھارت دنیا کی تیسری جی ڈی پی تھا اور آزادی کے بعد بھارت اتنا مضبوط اور مستحکم نہیں تھا کہ اسے آتم نربھر کہا جائے۔ اور اسی دن آتم نربھر بھارت پروگراموں کا انعقاد کیا گیا جو تین ماہ تک جاری رہے گا اور آنجہانی وزیر اعظم اٹل بہاری واجپائی کے جنم دن کے موقعہ پر ان پروگراموں کا اختتام ہوگا۔

106

انہوں نے کہا کہ جنگ کی بدلتی نوعیت اور روایتی وغیر روایتی خطرات کے امتزاج نے مشترکہ کارروائی کو ایک بنیادی ضرورت بنا دیا ہے۔ "آج قومی سلامتی اور آپریشنل مؤثریت کے لیے مشترکہ اشتراک ناگزیر ہو چکا ہے۔ راجناتھ سنگھ نے حالیہ " کمبائنڈ کمانڈرز کانفرنس " کا حوالہ دیا، جس میں وزیر اعظم نریندر مودی نے بھی تینوں افواج کے اشتراک اور انضمام کی اہمیت پر زور دیا تھا۔ انہوں نے اس بات کی نشاندہی کی کہ ہر سروس نے برسوں کے تجربات کی بنیاد پر اپنے الگ نظامات اور طریقہ کار تیار کیے ہیں، جو اکثر ایک دوسرے سے شیئر نہیں کیے جاتے۔ "اگر فوج نے کچھ تیار کیا، تو وہ فوج تک محدود رہا۔ بحریہ یا فضائیہ نے کچھ بنایا، تو وہ ان کے دائرے تک محدود رہا۔ یہ تقسیم قیمتی تجربات کے تبادلے میں رکاوٹ بنی رہی۔ وزیر دفاع نے زور دیا کہ موجودہ سیکورٹی ماحول میں اس تقسیم کو ختم کر کے اجتماعی سیکھنے اور کھلے اشتراک کو فروغ دینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ دنیا تیزی سے بدل رہی ہے، خطرات پیچیدہ ہو چکے ہیں، اور ہمیں تسلیم کرنا ہوگا کہ کوئی بھی سروس تنہا کام نہیں کر سکتی۔ مشترکہ صلاحیت اور انضمام ہی کسی بھی تنازع میں کامیابی کی ضمانت ہے۔

107

کہ یہ منسلکہ غیر قانونی سرگرمیاں (روک تھام) ایکٹ (UAPA) کے دفعات کے تحت کیا گیا تھا۔ یہ کارروائی این آئی اے کے خطے میں دہشت گرد نیٹ ورکس اور ان کے مالیاتی ڈھانچے کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کا حصہ ہے۔ افسر نے مزید کہا کہ کیس کی مزید تفتیش جاری ہے۔

108

کے ساتھ جوڑ رہی ہیں۔ انہوں نے کہا" ہمارے فوجی مشتبہ سرگرمیوں، دراندازی کی کوششوں اور دشمن کی نقل وحرکت کا پتہ لگانے کیلئے جدید آلات سے لیس ہیں۔ ٹیکنالوجی کے اس انضمام نے ہمارے دفاعی انداز کو مضبوط کیا ہے۔ آفیسر نے کہا" فوج نے کنٹرول لائن کے اطراف میں ہائی ریزولوشن 360 ڈگری سی سی ٹی وی کیمرے اور دیگر الیکٹرانک سینسر نصب کیے ہیں، جو چوبیس گھنٹے نگرانی کو یقینی بناتے ہیں"۔ اس کے علاوہ، دشوار گزار علاقوں اور جنگلاتی علاقوں کی فضائی نگرانی کے لیے ہاتھ سے پکڑے جانے والے ڈرون، کواڈ کوپٹر، اور طویل فاصلے تک مار کرنے والے UAVs کا استعمال کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا" یہ آلات چوبیس گھنٹے نگرانی کو یقینی بناتے ہیں اور فوجیوں کو دونوں ممالک کے درمیان باڑ کے ساتھ ساتھ ریئل ٹائم نقل وحرکت پر نظر رکھنے کی اجازت دیتے ہیں"۔ انہوں نے کہا کہ ان آلات سے فیڈز زمین پر موجود فوجیوں کو حقیقی وقت میں حالات سے متعلق آگاہی فراہم کرتی ہیں۔ اگر کسی بھی مقام پر نقل و حرکت کا پتہ چلتا ہے، تو تعینات اہلکاروں سے فوری طور پر اس کی تصدیق کی جاتی ہے، اور بغیر کسی تاخیر کے ضروری کارروائی کی جاتی ہے۔ فوجی اہلکار نے کہا کہ اگرچہ ہائی ٹیک آلات نے نگرانی کی صلاحیت کو بڑھایا ہے، انسانی چوکسی سب سے اہم ہے۔ افسر نے کہا" ٹیکنالوجی تیزی سے جواب دینے کی ہماری صلاحیت کو بہتر بناتی ہے، لیکن فوجیں ہائی الرٹ پر رہتی ہیں کیونکہ مخالف مسلسل امن میں خلل ڈالنے کی کوشش کرتا ہے۔'' فوج نے کہا کہ ان نظاموں کا انضمام جدید جنگی چیلنجوں سے نمٹنے اور خطے میں امن و استحکام کو یقینی بنانے کے اس کے عزم کو واضح کرتا ہے۔

109

جس دوران جموں وکشمیر کے بہت سے مقامات پر عام طور پر مطلع ابر آلود رہنے کے بیچ گرج چمک کے ساتھ تیز ہوائیں، ہلکی سے درمیانی بارش ہونے تک ساتھ مخصوص بالائی اور اوپری مقامات پر ہلکی سے درمیانی برف باری متوقع ہے ۔موسمیاتی مرکز سری نگر نے موسمیاتی تغیر وتبدل سے متعلق اپنی تازہ ایڈوائزری میں کہا کہ 5 اور 6 اکتوبر کے دوران شمالی، وسطی اور جنوبی کشمیر کے اونچے علاقوں، وادی چناب کے اونچے علاقوں اور اہم گزرگاہوں پر موسم کی پہلی برف باری کا امکان ہے جبکہ اس دوران جموں وکشمیر کے چند مقامات پر گرج چمک کے ساتھ تیز ہوائیں چلیں گی ۔موسمیاتی مرکز نے مزید کہا کہ کاشتکاروں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ دھان اور دیگر باغبانی فصلوں کی کٹائی بشمول محفوظ اسٹوریج اور فارم کے دیگر کام 4 اکتوبر (دوپہر) تک جاری رکھیں

110

جا سکیں۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق ڈپٹی کمشنر سرینگر نے گرمائی دارالخلافہ میں تعمیراتی سرگرمیاں مقررہ وقت کے اندر اندر مکمل کرنے کا ارادہ ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ شہر خاص کے عیدگاہ اور خانیار میں تحصیل دفاتر کا قیام جلد ہی باضابطہ طور پر کام کرنا شروع کرینگے جواب تک پرائیویٹ مکانوں میں اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسٹ سرینگر میں ایس ڈی ایم آفس کی تعمیر بھی جلد ہی شروع کی جائے گی

111

کہ طلبا کو درپیش بہت سے مسائل کی وجہ تاخیر سے ہونے والے انتظامی عمل اور بروقت معلومات کی کمی ہے۔ انہوں نے یونیورسٹی انتظامیہ پر زور دیا کہ وہ ایک طالب علم دوست ماڈل اپنائے جو تعلیمی وانتظامی خدمات کے بہتر اور مؤثر نظام کو یقینی بنائے۔ انہوں نے کہا، "طلبا کو ہمارے تمام تعلیمی اداروں میں اولین ترجیح حاصل ہونی چاہیے۔ انہیں یہ محسوس ہونا چاہیے کہ ان کے مسائل سنے جا رہے ہیں اور ان کا فوری طور پر ازالہ کیا جاتا ہے۔'' وزیر سکینہ ایتو نے اعتماد سازی کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے

112

کرتے، جس کی وجہ سے پولیس کے پاس گاڑیاں ضبط کرنے کے علاوہ کوئی

از نیابت گوم احمد پورہ

عنوان: درخواست منجانب فاطمہ بیگم زوجہ مرحوم محمد ابراہیم ملک ساکنہ موضع تانترے پورہ تحصیل پٹن نسبت DOB سرٹیفکیٹ بحق خود

اشتہار بمراد آگاہی ہر خاص وعام

معاملہ مندرجہ عنوان الصدر کے نسبت کاغذات عدالت ھذا میں زیر کارروائی ہے۔ نیز سائلہ مذکورہ موضع گوم احمد پورہ پٹن میں ہی رہائش پذیر ہے۔ نیز مطابق نمبردار دہ وچوکیدار علاقہ سائلہ مذکورہ مسلسل طور پر تانترے پورہ تحصیل پٹن میں ہی رہائش پذیر ہے۔ نیز مطابق اسکول ریکارڈ سائلہ مذکورہ مورخہ 01/01/1975 کو پیدا ہوئی ہے جسکے نسبت سائلہ مذکورہ اپنے حق میں DOB سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کی خواہاں ہے لہٰذا اگر کسی شخص کو سرٹیفکیٹ ھذا اجرا کرنے میں کوئی عذر یا اعتراض ہو تو وہ ایک ہفتہ کے اندر اندر اپنے عذرات پیش کریں۔ معیاد گذرنے پر کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہیں ہوگا۔ تحریر الصدر

نائب تحصیلدار گوم احمد پورہ

PUBLIC NOTICE

I NITISH BHAN S/O N.K BHAN R/O H.NO 668 IQBAL COLONY SONAWAR INRA NAGAR SGR HAVE LOST REAR HSRP NO. PLATE OF MY TWO- WHEELER ACTIVA SCOOTY BLACK COLOUR, BEARING NO. JK01AU 6201 SOMEVWHERE WHILE TRAVELLING FROM MY RESIDENCE TO JAWAHAR NAGAR AREA ON 27-09-2025 .IF ANY BODY MAY FOUND THE AFOREMENTIONED NUMBER PLATE ,MAY KINDLY REVERT IT BACK TO THE GIVEN ADDRESS OR CONTACT MYSELF PERSONALLY ON GIVEN MOBLE NO. BELOW . THE SAID PUBLICATION IS ALSO FOR THE PURPOSE OF APPLYING FRESH NUMBER PLATE BEFORE THE CONCERNED RTO AND REGISTRATION OF MISSING REPORT BEFORE THE CONCERNED POLICE SATION IN THIS REGARD .

NITISH BHAN 9419215768

Office of the Naib Tehsildar Pattan

Sub issuance of registration order in respect of delayed birth.

PUBLICNOTICE

The registrar birth BDO Singhpora has submitted a case file pertaining to birth of Irshad Ahmad Dar s/o Fayaz Ahmad Dar R/o Trikolbal Hanjiwera with verified date of birth 10/02/2019 occurred at home in this connection if any body having objection for issuance of said certificate he may contact to this office within 04 days after that no objection shall be entertained.

Sd /Naib Tehsildar Pattan

انگلینڈ کے کرس ووکس کا انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان

نئی دہلی (ایم این این): انگلینڈ کے تجربہ کار آل راونڈر کرس ووکس نے ۱۵ سالہ شاندار کریئر کے بعد انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کردیا۔ انہوں نے یہ اعلان انسٹاگرام پر جاری بیان کے ذریعے کیا۔ کرس ووکس نے ۶۲ ٹیسٹ میچ میں ۴۰۳۳ رن بنائے اور ۱۹۲ وکٹ لئے جبکہ ۱۲۱ ون ڈے میں ۱۵۲۴ رن بنائے، ۱۷۳ وکٹ لئے۔ انہوں نے ۳۳ ٹی ۲۰ انٹرنیشنل میں ۱۴۷ رن بنائے اور ۳۱ وکٹ حاصل کیے۔ کرس ووکس حال ہی میں کندھے کی انجری کے باعث ایشیز اسکواڈ سے باہر ہو گئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ اب وقت آ گیا ہے کہ میں انٹرنیشنل کرکٹ کو خیر باد کہہ دوں۔ انگلینڈ کے لیے کھیلنا میرے بچپن کا خواب تھا اور ان یادوں کو ہمیشہ فخر سے یاد رکھوں گا۔ کرس ووکس ۹۱۰۲ء کے ون ڈے ورلڈ کپ اور ۲۲۰۲ء کے ٹی ۲۰ ورلڈ کپ جیتنے والی ٹیم کا حصہ رہے۔ ۹۱۰۲ء ورلڈ کپ میں انہوں نے سیمی فائنل میں آسٹریلیا کے خلاف شاندار کارکردگی پیش کرکے ٹیم کو فائنل تک پہنچایا۔ ووکس نے ٹیسٹ کرکٹ میں ایک سنچری بھی اسکور کی جبکہ ۶۱۰۲ء میں سری لنکا اور پاکستان کے خلاف ۴۳ وکٹ حاصل کر کے اپنا مقام مضبوط کیا۔ ۳۲۰۲ء ایشیز سیریز میں بھی وہ بہترین کھلاڑی قرار پائے۔ ۶۳ سالہ ووکس نے انسٹاگرام پر جاری بیان میں کہا کہ وہ اب بین الاقوامی سطح پر مزید کرکٹ نہیں کھیلیں گے، تاہم کاونٹی اور فرنچائزی کرکٹ میں ایکشن میں نظر آتے رہیں گے۔ ای سی بی کے چیئرمین رچرڈ تھامسن نے ووکس کی خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں خالص ٹیم پلیئر اور شاندار شخصیت قرار دیا۔

ترپتی دمری نے بالی ووڈ کے چیلنجز اور اپنی جدوجہد بتادی

نئی دہلی (ایم این این): بالی ووڈ اداکارہ ترپتی دمری نے فلم انڈسٹری میں جگہ بنانے کی اپنی جدوجہد اور چیلنجز کا ذکر کردیا۔ ایک انٹرویو میں ترپتی دمری نے کہا کہ اداکاری میں دلچسپی برقرار رکھنے کیلیے تازگی اور جدت لانا لازمی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بالی ووڈ میں باہر سے آنے والوں کیلیے فلم انڈسٹری میں جگہ بنانا مشکل ہے، اس چیلنج کا سامنا ہر فنکار کو ہوتا ہے۔ بالی ووڈ اداکارہ نے مزید کہا کہ انڈسٹری میں جگہ بنانے کے لیے دیے جانے والے آڈیشنز کی ٹینشن کیمرے کے سامنے کام کرنے سے زیادہ ہوتی ہے۔ اُن کا کہنا تھا کہ آڈیشنز میں کم وقت اور بہت سے ناظرین کے سامنے کردار کو مکمل طور پر نبھانا ہوتا ہے

ایشیا کپ کی جیت یعنی ہمت، اعتماد اور ترنگے کیلئے کھیلنے کا جذبہ

نئی دہلی (ایم این این): ایشیا کپ فائنل میں دیرینہ حریف پاکستان کے خلاف ہندوستان کی جیت کو ہمت، اعتماد اور قومی پرچم کیلئے کھیلنے کی ایک شاندار مثال کے طور پر منایا گیا، جس میں موجودہ اور سابق کھلاڑیوں نے ۹ویں بار خطاب جیتنے والی ہندوستانی ٹیم کی جم کر تعریف کی۔ جیسے ہی رنکو سنگھ نے چوکا لگا کر ہندوستان کو فتح سے ہمکنار کیا، دبئی کا آسمان آتش بازی سے چمک اٹھا۔ تلک ورما نے بلے بازی میں اور کلدیپ یادو نے گیند بازی میں شاندار کارکردگی دکھا کر ہندوستان کو اس جیت تک پہنچایا۔ ٹیم کی کامیابی پر کئی کھلاڑیوں نے ٹیم کی کامیابی پر خوشی کا اظہار کیا۔ وی وی ایس لکشمن: سابق بلے باز نے "ایکس" پر لکھا" ٹیم انڈیا کو ایشیا کپ جیتنے پر مبارکباد۔ یہ جیت صرف ٹرافی تک ہی نہیں ہے بلکہ یہ ہمت، اعتماد اور ترنگے کیلئے کھیلنے کیلئے ہے۔ تلک کو خاص مبارکباد، جس نے بہت پختگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ثابت کیا کہ بڑے مقابلے دلیروں کیلئے ہوتے ہیں۔ اس جیت میں ٹیم کے ہر رکن کا تعاون رہا۔" روی شاستری: سابق ہیڈ کوچ نے کہا" تناؤ بھرے فائنل میں لڑکوں کا شاندار مظاہرہ۔ تلک ورما کی خاص اننگز، تحمل اور ہمت سے بھری۔ اس کیلئے فولاد سا کلیجہ چاہیے۔ بہترین کارکردگی۔" سوریہ کمار یادو: کپتان نے لکھا" خاص جیت۔ خاص ٹیم۔ ہر کوشش، ہر لمحہ اہم۔ اس ٹیم کا حصہ بن کر فخر محسوس کر رہا ہوں۔ ایشیا کپ چمپئن۔" یوراج سنگھ: ورلڈ کپ فاتح سابق آل راونڈر نے کہا کہ یہ مقابلہ تمام توقعات پر پورا اترا۔ انہوں نے کہا" کیا شاندار میچ۔ فائنل ایسا ہی ہونا چاہیے۔ ہندوستان اور پاکستان کا فائنل اس سے بڑھ کر کیا ہوگا اور تلک ورما نے دباو کے بیچ پختگی دکھاتے ہوئے بہترین اننگز کھیلی۔ شیوم دوبے نے شاندار بلے بازی کی۔ کلدیپ یادو کی گیند بازی اور سنجو سیمسن کی بلے بازی بھی بہترین۔

خواتین کرکٹ کی سب سے بڑی جنگ کا بگل بج گیا، آج سے مقابلوں کا آغاز

نئی دہلی (ایم این این): آئی سی سی ویمنز کرکٹ ورلڈ کپ کا ۳۱واں ایڈیشن ۰۳ ستمبر ۵۲۰۲ء سے شروع ہو رہا ہے اور یہ مقابلہ ہندوستان اور سری لنکا کی مشترکہ میزبانی میں ہوگا۔ جس میں دنیا بھر کی نمایاں ٹیمیں حصہ لیں گی۔ ایونٹ کے دوران شائقین کو سنسنی خیز مقابلے دیکھنے کو ملیں گے اور ٹیمیں خطاب کے حصول کیلئے ایک دوسرے کے خلاف میدان میں اتریں گی۔ کرکٹ ویب سائٹ کے مطابق ۰۵ اوور کے میگا ایونٹ کے کامیاب انعقاد کیلئے تمام تر تیاریاں مکمل کرلی گئیں ہیں۔ میچوں کی میزبانی کیلئے ہندوستان کے ۴ شہروں نوی ممبئی، گوہاٹی، اندور، وشاکھاپٹنم اور سری لنکا کے کولمبو کو منتخب کیا گیا ہے۔ ٹورنامنٹ کا افتتاحی میچ گوہاٹی کے اسٹیڈیم میں ہندوستان اور سری لنکا کے درمیان ہوگا۔ یہ ٹورنامنٹ ۲ نومبر کو فائنل کے ساتھ ختم ہوگا اور اگر سری لنکا کی ٹیم سیمی فائنل میں پہنچتی ہے تو فائنل کولمبو میں ہوسکتا ہے۔ ورنہ ہندوستان اس کی میزبانی کرے گا۔ ہندوستان کو یہ ۸۷۹۱، ۷۹۹۱ء اور ۳۱۰۲ء کے ایڈیشن کے بعد خواتین کے عالمی کپ کی میزبانی کرنے کا چوتھا موقع ملا ہے جبکہ سری لنکا پہلی بار میگا ایونٹ کی میزبانی کر رہا ہے۔ آئی سی سی ویمنز ورلڈ کپ ٹورنامنٹ میں ۸ مختلف ممالک کی ٹیمیں خطاب کے حصول کے لئے نبرد آزما ہوں گی جن میں میزبان ہندوستان اور سری لنکا، نیوزی لینڈ، دفاعی چمپئن آسٹریلیا، بنگلہ دیش، انگلینڈ، پاکستان اور جنوبی افریقہ شامل ہیں۔ آسٹریلیا کی ٹیم خطاب کے دفاع کیلئے ایکشن میں ہوگی۔ آسٹریلیا کی ویمنز ٹیم نے ۲۲۰۲ء میں اپنا ساتواں ٹائٹل جیتا تھا۔ ٹورنامنٹ راؤنڈ رابن اور ناک آؤٹ سسٹم کی بنیاد پر کھیلا جائے گا۔ انٹرنیشنل کرکٹ کونسل نے جون میں تصدیق کرتے ہوئے اعلان کیا تھا کہ یہ میگا ٹورنامنٹ ۰۳ ستمبر سے ۲ نومبر تک ہوگا۔ ٹورنامنٹ کے میچوں کیلئے بھی آئی سی سی نے ہندوستان اور سری لنکا میں فائنل وینیوز کا اعلان کیا تھا۔ ہندوستان میں بنگلور، گوہاٹی، اندور، اور وشاکھاپٹنم اور سری لنکا میں کولمبو کے شہروں کا ابتدائی طور پر مقامات کے طور پر اعلان کیا گیا تھا لیکن اس سے پچھلے ماہ آئی سی سی نے بنگلور کے مقام کو نوی ممبئی میں ڈی وائی پاٹل سٹیڈیم سے تبدیل کر دیا تھا۔ میگا ایونٹ کا ایک سیمی فائنل میچ نوی ممبئی کے ڈی وائی پاٹل سٹیڈیم میں کھیلا جائے گا جبکہ دوسرے سیمی فائنل اور فائنل کے مقامات کا فیصلہ بعد میں کیا جائے گا۔ ۳۰ ستمبر کو میگا ایونٹ کا ابتدائی میچ ۳۰ ستمبر کو میزبان ممالک ہندوستان اور سری لنکا ٹیموں کے درمیان وہاٹی کے بارساپارہ کرکٹ سٹیڈیم کھیلا جائے گا۔ افغانستان کی جلاوطن کرکٹرز ہندوستان پہنچیں افغانستان کی کرکٹ ٹیم منگل سے یہاں شروع ہونے والے آئی سی سی کے خواتین کیعالمی کپ کا حصہ نہیں ہے، لیکن ملک چھوڑنے کے بعد آسٹریلیا میں مقیم ۱۲ جلاوطن افغان خواتین کرکٹرز سیکھنے کے مقصد سے اس باوقار ٹورنامنٹ کو دیکھنے کیلئےہندوستان پہنچ گئی ہیں۔ ۱۲۰۲ء میں طالبان کے اقتدار میں آنے کے بعد ان خواتین کھلاڑیوں کو اپنا ملک چھوڑنے پر مجبور ہونا پڑا۔ یہ کھلاڑی فی الحال آسٹریلیا میں پناہ گزین کی حیثیت سے زندگی گزار رہی ہیں۔

ٹیم انڈیا کو ایشیا کپ جیت کر بھی ٹرافی کے بغیر جشن منانا پڑا، جانئے ایسا کیا ہوا؟

نئی دہلی (ایم این این): ایشیا کپ ۵۲۰۲ء کے فائنل میں ہندوستان نے پاکستان کو ۵ وکٹ سے شکست دے کر خطاب اپنے نام کرلیا۔ ہندوستانی ٹیم نے اے سی سی کے صدر اور پی سی بی چیف محسن نقوی سے ٹرافی لینے سے انکار کر دیا۔ کرکٹ کی تاریخ میں یہ پہلا موقع تھا کہ جیتنے والی ٹیم کو ٹرافی پیش نہیں کی گئی، اس کے باوجود ہندوستان نے اپنی جیت کا جشن بڑے جوش و خروش سے منایا۔ ایشیا کپ ۵۲۰۲ء ٹی ۰۲ ٹورنامنٹ کے فائنل میں ہندوستان نے پاکستان کو شکست دی۔ ایشیا کپ ۵۲۰۲ء میں ہندوستان اور پاکستان کے درمیان یہ تیسرا میچ تھا اور ہندوستان نے تینوں میچوں میں پاکستان کو شکست دی ہے۔ میچ نے کافی تنازع کو جنم دیا۔ ہندوستانی کھلاڑیوں نے اے سی سی کے صدر اور پی سی بی چیف محسن نقوی سے ٹرافی لینے سے انکار کر دیا جس کے بعد نقوی میڈلز اور ٹرافی لے کر روانہ ہو گئے۔ کرکٹ کے شائقین دبئی کا یہ انوکھا منظر مدتوں یاد رکھیں گے۔ ٹرافی نہ ملنے کے باوجود کپتان سوریہ کمار یادو اور ٹیم انڈیا نے اپنی جیت کا جشن منفرد انداز میں منایا۔ کھلاڑیوں نے خیالی ٹرافی اٹھا کر جشن منایا۔ ایشیا کپ ۵۲۰۲ء جیتنے کے باوجود، ہندوستانی ٹیم کو ٹرافی نہیں ملی کیونکہ کپتان سوریہ کمار یادو اور ان کی ٹیم نے اے سی سی کے صدر اور پی سی بی کے سربراہ محسن نقوی سے ٹرافی لینے سے صاف انکار کر دیا تھا۔ ٹیم انڈیا نے محسن نقوی کو ایک گھنٹے تک نظر انداز کیا۔ اس کے بعد کھلاڑیوں نے آخر کار اس طرح جشن منایا جیسے واقعی ان کے پاس ٹرافی ہو۔ دراصل ہاردک پانڈیا جو معمولی چوٹ کی وجہ سے فائنل میں نہیں کھیل سکے تھے، نے میدان میں ایک خیالی ٹرافی کے ساتھ پوز دیا۔ کپتان سوریہ کمار یادو نے خیالی ٹرافی اٹھانے کا جشن منایا کیونکہ پورے اسٹیڈیم میں 'بھارت ماتا کی جئے' کے نعرے گونج رہے تھے۔ عہدیداروں کے جانے کے بعد ٹیم انڈیا اسٹیج پر واپس آئی، جہاں گانے بجائے گئے اور کھلاڑیوں نے مداحوں کے ساتھ تصویریں بنوا کر جشن منایا تاہم ٹرافی کہیں نظر نہیں آ رہی تھی اور ہندوستانی ٹیم بالآخر اسے اٹھائے بغیر ہی اسٹیڈیم سے چلی گئی۔

سائی پلوی کا ناقدین کو کرارا جواب، مداح خوش

نئی دہلی (ایم این این): اداکارہ سائی پلوی نے سوئمنگ سوٹ سے متعلق معاملہ پر ناقدین کو کرارا جواب دیدیا۔ 33 سالہ سائی پلوی نے بہن پوجا کے ساتھ ساحلی علاقے میں تعطیلات سے متعلق سوشل میڈیا پر وائرل تصاویر پر ردعمل دیا۔

ریئل سوسائیڈیڈ کو شکست دینے کیلئے بارسلونا کو جدوجہد کرنی پڑی

نئی دہلی (ایم این این): لالیگا کے دفاعی چمپئن بارسلونا فٹبال کلب نے ہسپانوی فٹبال لیگ لالیگا کے اپنے ساتویں میچ میں ریئل سوسائیڈیڈ کو ہرا کر ٹیبل پر ٹاپ پوزیشن حاصل کرلی۔ ای ایس پی این کے مطابق بارسلونا فٹبال کلب کی ٹیم نے سخت مقابلے کے بعد ہرا دیا۔ دفاعی چمپئن بارسلونا فٹبال کلب کی جانب سے جولس کاونڈی اور رابرٹ لیوانڈوسکی نے ایک، ایک گول کر کے اپنی ٹیم کی فتح میں اہم کردار ادا کیا۔ یہ بارسلونا ایف سی کی لیگ میں چھٹی فتح ہے اور اس کامیابی کے بعد فاتح ٹیم نے قیمتی ۳ پوائنٹس حاصل کرتے کلب سے پہلی پوزیشن بھی چھین لی ہے۔ اسپینش لیگ لالیگا کے دلچسپ مقابلوں کا سلسلہ اسپین میں میں جاری ہے جس میں سائقین فٹبال کو انتہائی دلچسپ مقابلے دیکھنے کو مل رہے ہیں۔ اسپین کے شہر بارسلونا کے ایسٹاڈی اولمپک لوئس کمپنیز میں کھیلے جانیوالے میچ میں بارسلونا اور ریئل سوسائیڈیڈ کی ٹیم آمنے سامنے تھیں جس میں انتہائی سخت مقابلے کے بعد بارسلونا کی ٹیم نے حریف ریئل سوسائیڈیڈ کو ایک کے مقابلے میں ۲ گول سے ہرا دیا۔ دفاعی چمپئن بارسلونا کی جانب سے جولس کاونڈی اور رابرٹ لیوانڈوسکی نے ایک، ایک گول کر کے اپنی ٹیم کی کامیابی میں کلیدی کردار ادا کیا۔ ریئل سوسائیڈیڈ کی جانب سے واحد گول الوارہ اودریوزولا نے میچ کے ۱۳ ویں منٹ پر اسکور کیا۔

پاکستان کیخلاف 'آپریشن تلک'، ہندوستان نے ایشیا کپ جیت لیا

نئی دہلی (ایم این این): پہلگام دہشت گردانہ حملے کے بعد ہندوستانی فوج کے آپریشن سیندور سے کراہنے والے پاکستان کی کرکٹ ٹیم کو دبئی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں ہندوستانی کرکٹ ٹیم کے آپریشن 'تلک' نے جھنجھوڑ کر رکھ دیا۔ متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کے خلاف میچ سے پہلے بائیکاٹ کی دھمکی، ۲ پری میچ پریس کانفرنس نہ کرنا، اشتعال انگیز اشارے، اور سوشل میڈیا پر پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین محسن نقوی کی نازیبا پوسٹ کے باوجود ہندوستانی ٹیم نے ایشیا کپ کا فائنل جیت کر نہ صرف پاکستان کی ان تمام حرکتوں کا جواب دیا بلکہ ہر پاکستانی کا منہ بند کر دیا۔ کلدیپ کی شاندار کارکردگی ہاردک پانڈیا کے زخمی ہونے کے باوجود ٹیم انڈیا نے ایک تیز گیند باز کی جگہ رنکو سنگھ کو شامل کیا۔ یہی نہیں آل راونڈر شیوم دوبے کو ایشیا کپ فائنل میں پہلا اوور دیا گیا، جنہوں نے پہلے کبھی کسی فارمیٹ میں پہلا اوور نہیں پھینکا تھا۔ پاکستان نے ایک وقت ۱۲ء۴ اوور میں صرف ایک وکٹ کے نقصان پر ۳۱۱ رن بنائے تھے لیکن اگلی ۹ وکٹیں صرف ۳۳ رنوں میں گنوا دیں۔ پاکستانی ٹیم ۰۲ اوور بھی پورے نہیں کھیل سکی اور محض ۶۴۱ رن پر آل آؤٹ ہوگئی۔ کلدیپ یادو نے اپنے آخری اوور میں ۳ اور مجموعی طور پر ۴ وکٹیں لیں۔ انہوں نے پورے ٹورنامنٹ میں سب سے زیادہ ۱۷ وکٹیں حاصل کیں۔ پاکستان کا شاندار آغاز، پھر تباہی سپر۔۴ میں ہندوستان کے خلاف نصف سنچری بنانے والے صاحبزادہ فرحان (۵۷) اور فخر زمان (۶۴) نے پہلی وکٹ کیلئے ۸۴ رنوں کی شراکت کی۔ ورون چکرورتی نے صاحبزادہ کو تلک ورما کے ہاتھوں کیچ آؤٹ کروا کر ٹیم کو پہلی وکٹ دلائی۔ ۳۱ویں اوور میں کلدیپ نے صائم ایوب کو آوٹ کر کے پاکستان کو دوسرا جھٹکا دیا۔ ابتدائی ۲ اوور میں ۳۲ رن کھانے والے کلدیپ نے اپنے چوتھے اور اننگز کے ۱۷ویں اوور میں ۳ وکٹیں حاصل کیں۔ کلدیپ یادو نے ۱۷ویں اوور کی پہلی گیند پر سلمان آغا، چوتھی گیند پر شاہین شاہ آفریدی اور چھٹی گیند پر فہیم اشرف کو پویلین کی راہ دکھائی۔ بمراہ کا حارث کو کرارا جواب سپر۔۴ کے میچ میں 'طیارہ گرنے کا اشارہ کرنے والے حارث روف کی وکٹ بمراہ کی تیز رفتار یارکر نے اکھاڑ دی۔

انگلش پریمیر لیگ: آرسنل نے لیگ میں پہلی کامیابی حاصل کی

نئی دہلی (ایم این این): آرسنل فٹبال کلب (گنرس) نے انگلش پریمیر لیگ کے ایک میچ میں نیوکیسل یونائیٹڈ کو شکست دے دی جبکہ آسٹن ولا کی ٹیم نے فلہم کو ۱۔۳ گول سے ہرا کر لیگ میں پہلی فتح سمیٹ لی۔ آرسنل فٹبال کلب (گنرس) نے انگلش پریمیر لیگ کے ایک میچ میں نیوکیسل یونائیٹڈ کو شکست دے دی جبکہ آسٹن ولا کی ٹیم نے فلہم کو ۱۔۳ گول سے ہرا کر لیگ میں پہلی فتح سمیٹ لی۔ امریکی ویب سائٹ ای ایس پی این کے مطابق انگلش پریمیر فٹبال لیگ کا ۳۴واں سیزن انگلینڈ میں جاری ہے جس میں شائقین فٹبال کو انتہائی دلچسپ اور کانٹے کا مقابلہ دیکھنے کو ملا ہے۔ سینٹ جیمس پارک، نیوکیسل اپون ٹائن کے مقام پر کھیلے جانے والے لیگ کے اہم میچ میں آرسنل اور نیوکیسل یونائیٹڈ کی ٹیمیں آمنے سامنے تھیں جس میں آرسنل کی ٹیم نے انتہائی سخت میچ کے بعد نیوکیسل یونائیٹڈ کو ایک کے مقابلے میں ۲ گول سے ہرا دیا۔ آرسنل کی جانب سے میکل میرینو نے میچ کے ۸۴ویں اور گیبریل میگلہیس نے میچ کیا آخری لمحات میں گول کر کے اپنی ٹیم کو فتح دلائی۔ یہ آرسنل فٹبال کلب کی لیگ میں چوتھی فتح ہے اور وہ ۳۱ پوائنٹس کے ساتھ ٹیبل پر دوسری پوزیشن پر پہنچ گئی ہے۔ آرسنل کی ٹیم نے نہ صرف نیوکیسل یونائیٹڈ کے خلاف میچ میں کامیابی حاصل کی بلکہ اس سے ٹیبل پر دوسری پوزیشن بھی چھین لی ہے۔ نیوکیسل یونائیٹڈ کی جانب سے واحد گول نک وولٹیمیڈ نے اسکور کیا۔ ولا پارک، برمنگھم کے مقام پر کھیلے جانے والے ایک اور میچ میں آسٹن ولا اور فلہم کی ٹیمیں نبرد آزما تھی جس میں آسٹن ولا کی ٹیم نے نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے فلہم کی ٹیم کو ایک کے مقابلے میں ۳ گول سے ہرا دیا۔

اتر ریلوے

ای۔ٹینڈر نوٹس

ٹینڈر فارم نمبر 138,144,145-2025-26-ADEN-1-FZR & 142,143-2025-26-ADEN-2-FZR مورخہ 25-09-2025

سینئر ڈویژنل انجینئر - ہیڈ کوارٹر، فیروز پور کے ذریعہ بھارت کے راشٹرپتی کی جانب سے مندرجہ ذیل ای۔ٹینڈرز آخری تاریخ 16-10-2025 اور بوقت 15.00 بجے تک www.ireps.gov.in پر طلب کئے جاتے ہیں۔ ٹینڈر دہندگان اپنے اصل/ترمیم شدہ ٹینڈر بند ہونے کی تاریخ اور وقت تک فائل کرسکتے ہیں۔ مینوئل ٹینڈر منظور نہیں ہے اور ایسے کسی بھی مینوئل آفر کو منظور نہیں کیا جائے گا۔ ٹھیکیدار ٹینڈر فارم کی لاگت اور بیعانہ کی رقم کا بھگتان صرف www.ireps.gov.in پورٹل پر دستیاب آن لائن وسائل کے ذریعہ جیسے نیٹ بینکنگ، ڈیبٹ کارڈ، اور کریڈٹ کارڈ وغیرہ سے بھگتان کرسکتے ہیں۔ ڈیمانڈ ڈرافٹ، چیکز، چیک، ایف ڈی آر اور رسیدوں وغیرہ کے ذریعہ سے بھگتان کی اجازت نہیں ہے۔

ٹینڈر ٹائپ	ٹینڈر اونجھاگ	بولی سسٹم
کھلا	کام	سنگل بولی سسٹم
ٹینڈر اپ لوڈ کرنے کی تاریخ	بولی شروع کی تاریخ	بولی اختتام کی تاریخ اور وقت
24-09-2025	02-10-2025	16-10-2025 کو 15.00 بجے

نمبر شمار	ٹینڈر نمبر	ٹینڈر کی تفصیلات
1	138-2025-26 ADEN-1-FZR	اسسٹنٹ ڈویژنل انجینئر۔ فرسٹ/ فیروز پور کے تحت گنگسر جیتو سٹیشن پر مکمل لمبائی لوڈ کو ایڈجسٹ کرنے کیلئے مال لائن توسیع کا کام۔

مشتہر قیمت (روپے)	بیعانہ کی رقم	آفر کی ویلڈٹی	مدت تکمیل کام
15763813.91/-	228800.00/-	60 دن	06 مہینے

اسی نوعیت کا کام: سی ٹی آر/ ٹی آر آر/ ٹی ایف آر/ ٹی ٹی آر جس میں ٹریک کو اوپر اٹھانا، سکریننگ/ ٹریک کو تباہ کرنا/ ٹریک رکھ رکھاؤ مشین جیسے ٹیمپنگ مشین/ بیلاسٹ سکریننگ/ ریگولیٹنگ مشین اور ٹی آر کے پری اینڈ پوسٹ ورک شامل ہیں۔ ٹی۔28 کے ذریعہ

نمبر شمار	ٹینڈر نمبر	ٹینڈر کی تفصیلات
2	142-2025-26 ADEN-2-FZR	اسسٹنٹ ڈویژنل انجینئر - سیکنڈ/ فیروز پور کے دائرہ اختیار علاقہ میں سینئر سیکشن انجینئر/ پی۔ وے/ فیروز پور کے سیکشن کے تحت متفرق پی۔ وے۔ ٹریک رکھ رکھاؤ کا کام۔

مشتہر قیمت (روپے)	بیعانہ کی رقم	آفر کی ویلڈٹی	مدت تکمیل کام
4962646.47/-	99300.00/-	60 دن	12 مہینے

اسی نوعیت کا کام: کوئی نہیں

نمبر شمار	ٹینڈر نمبر	ٹینڈر کی تفصیلات
3	143-2025-26 ADEN-2-FZR	اسسٹنٹ ڈویژنل انجینئر۔ سیکنڈ/ فیروز پور کے دائرہ اختیار علاقہ میں سینئر سیکشن انجینئر/ پی۔ وے/ فاضلکہ کے سیکشن کے تحت متفرق پی۔ وے۔ ٹریک رکھ رکھاؤ کا کام۔

مشتہر قیمت (روپے)	بیعانہ کی رقم	آفر کی ویلڈٹی	مدت تکمیل کام
4993339.88/-	99900.00/-	60 دن	12 مہینے

اسی نوعیت کا کام: کوئی نہیں

نمبر شمار	ٹینڈر نمبر	ٹینڈر کی تفصیلات
4	144-2025-26 ADEN-1-FZR	اسسٹنٹ ڈویژنل انجینئر - فرسٹ/ فیروز پور کے دائرہ اختیار علاقہ میں سینئر سیکشن انجینئر/ پی۔ وے/ مکتیسر کے سیکشن کے تحت متفرق پی۔ وے۔ ٹریک رکھ رکھاؤ کا کام۔

مشتہر قیمت (روپے)	بیعانہ کی رقم	آفر کی ویلڈٹی	مدت تکمیل کام
5493977.52/-	109900.00/-	60 دن	12 مہینے

اسی نوعیت کا کام: سی ٹی آر/ ٹی آر آر/ ٹی ایف آر/ ٹی ٹی آر جس میں ٹریک کو اوپر اٹھانا، سکریننگ/ ٹریک کو تباہ کرنا/ ٹریک رکھ رکھاؤ مشین جیسے ٹیمپنگ مشین/ بیلاسٹ سکریننگ/ ریگولیٹنگ مشین اور ٹی آر کے پری اینڈ پوسٹ ورک شامل ہیں۔ ٹی۔28 کے ذریعہ

نمبر شمار	ٹینڈر نمبر	ٹینڈر کی تفصیلات
5	145-2025-26 ADEN-1-FZR	اسسٹنٹ ڈویژنل انجینئر - فرسٹ/ فیروز پور کے دائرہ اختیار علاقہ میں سینئر سیکشن انجینئر/ پی۔ وے/ ایم کیو ایف کے سیکشن کے تحت متفرق پی۔ وے۔ ٹریک رکھ رکھاؤ کا کام۔

مشتہر قیمت (روپے)	بیعانہ کی رقم	آفر کی ویلڈٹی	مدت تکمیل کام
5493497.20/-	109900.00/-	60 دن	12 مہینے

اسی نوعیت کا کام: سی ٹی آر/ ٹی آر آر/ ٹی ایف آر/ ٹی ٹی آر جس میں ٹریک کو اوپر اٹھانا، سکریننگ/ ٹریک کو تباہ کرنا/ ٹریک رکھ رکھاؤ مشین جیسے ٹیمپنگ مشین/ بیلاسٹ سکریننگ/ ریگولیٹنگ مشین اور ٹی آر کے پری اینڈ پوسٹ ورک شامل ہیں۔ ٹی۔28 کے ذریعہ

نوٹ: 1. ٹینڈر ڈالنے سے پہلے ٹینڈر دہندگان ٹینڈر کے سلسلے میں جاری کئے گئے کسی بھی تصحیح نامہ کی جانچ کریں گے۔ 2. ہندی میں کسی بھی خامی کیلئے انگریزی ورژن کا مطالعہ کریں اور انگریزی ورژن ہی جائز ہوگا۔

3014/25

گراہکوں کی خدمت میں مسکان کے ساتھ

J&K Bank
Serving To Empower

BAJAJ Allianz
Caringly yours



Bajaj Allianz Family Health Care policy covers you and your family from expenses incurred during hospitalization along with the added benefits of Health Prime Rider.

Bajaj Allianz Family Health Care's Benefits:

- Pre & Post Hospitalization Expenses
- Road Ambulance
- Day Care Procedures
- Organ Donor Expenses
- Sum Insured Reinstatement Benefit

Benefits of Health Prime Rider: In Patient Hospitalization Expenses

- Rider for both Individual & Family Floater Basis**
- 24*7 Unlimited Tele-Consultation
- Investigations Cover
- 139000+ Doctors
- Preventive Health Check-up (45+ Test Parameters at Network Centers)

**Based on the variant opted in health plan

To know more, contact your **J&K Bank's Relationship Manager**

Bajaj Allianz General Insurance Co. Ltd., Bajaj Allianz House, Airport Road, Yerawada, Pune - 411006. IRDAI Reg No.: 113. | CIN: U66010PN2000PLC015329 | UIN: BAJHLIP22024V032122-Family Health Care , BAJHLGA22166V012122 -Health Prime Rider (Group) | web: www.bajajallianz.com | Toll free: 1800-209-5858 / 1800-209-0144

J&K Bank Ltd is a licensed Corporate Agent [bearing License No.: CA0029] of Bajaj Allianz General Insurance Company Ltd. [IRDAI registration No. 113]. The benefits/features of products are indicative and for more details on risk factors and Terms and Conditions, please read the sales brochure before concluding a sale. |

PUBLISHED BY: BISMA TAJAMUL, PRINTED BY: BISMA TAJAMUL on behalf of BISMA TAJAMUL R.N.I No: JKURD/2011/37141,
Printed At : K.T. Press Pvt Ltd. Rangreth Budgam J&K 190021 , Published From: NEW BUS STAND, BUDGAM J&K 191111, Editor: BISMA TAJAMUL
CONTACT NO. 9419786936, 6006551484, EMAIL: WATTANDAILY@GMAIL.COM,